لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ

سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعۃ المبارک 9 اکتوبر 2026ء 1448ھ 26 ربیع الثانی 24 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 255

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

243. (اے حبیب!) کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل گئے حالانکہ وہ ہزاروں (کی تعداد میں) تھے، تو اللہ نے انہیں حکم دیا: مر جاؤ (سو وہ مر گئے)، پھر انہیں زندہ فرما دیا، بیشک اللہ لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے مگر اکثر لوگ (اس کا) شکر ادا نہیں کرتے o (سورۃ البقرہ)

وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کر لی تحریری حکم جاری

وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ، وفاقی محتسب اور صدرِ پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے، وفاقی محتسب پنشن اہلیت کے قانونی طریقہ کار کو نظر انداز نہیں کر سکتے، قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والے کو پنشن نہیں دی جا سکتی، آئینی عدالت

عدالت کے مطابق پنشن کے لیے عمومی طور پر کم از کم 15 سال کی شراکت درکار ہے، جبکہ درخواست گزار جاوید اقبال بھٹی کی بیمہ شدہ ملازمت 6 سال سے بھی کم تھی، یکم جولائی 2008 سے بیمہ شدہ ہونے کے باعث انہیں 5 سال کی خصوصی رعایت بھی حاصل نہیں تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کر لی ہے، اس سے متعلق تحریری حکم بھی جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ، وفاقی محتسب اور صدرِ پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیے۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ وفاقی محتسب پنشن اہلیت کے قانونی طریقہ کار کو نظر انداز نہیں کر سکتے، قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والے کو پنشن نہیں دی جا سکتی۔ چیف جسٹس امین الدین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغانستان میں اس وقت 25 دہشت گرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، محسن نقوی

پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشنز میں شرکت ہمیشہ نمایاں رہی ہے، دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابلِ ستائش ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چودھری سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عالمی و علاقائی صورتحال اور امن مشنز کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا دورہ مکمل

دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابلِ ستائش ہے، انتونیو گوتریس

دورے سے پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان دیرینہ شراکت داری کے اعادے اور علاقائی و عالمی پیش رفت پر تبادلہ خیال کا اہم موقع ملا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا پاکستان کا سرکاری دورہ مکمل ہو گیا، وہ 6 سے 8 اکتوبر تک پاکستان میں قیام کے دوران اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت اور دیگر حکام سے ملاقاتیں کرتے رہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق انتونیو گوتریس نے 6 اکتوبر کو نائب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

چیئرمین سینیٹ کی آئی پی یو صدر ڈاکٹر تولیا ایکسن سے ملاقات، ان کے تاریخی دورِ صدارت کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ پاکستان اور 153 ویں بین الپارلیمانی یونین اسمبلی میں پاکستانی پارلیمانی وفد کے سربراہ، محترم سید یوسف رضا گیلانی نے اروشا، تنزانیہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وزیرِ مملکت طلال چوہدری سے چیمبر آف کامرس اور تاجر رہنماؤں کی ملاقات، اسلام آباد کو پہلا پلاسٹک فری شہر بنانے کا عزم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرِ مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور انجمن تاجران کے وفد نے اہم ملاقات کی، جس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو ملاقات کر رہے ہیں

وزیرِ اعظم شہباز شریف کی وزارتوں کو متعلقہ اعداد و شمار قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہم کرنے کے لیے اقدامات کی ہدایت، وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے نفاذ سے متعلق اجلاس

وزیرِ اعظم

سینیٹر شہری سہولتوں کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا، ڈیٹا

وزیرِ اعظم کے مطابق وزارتوں کی ڈیجیٹائزیشن بدعنوانی اور ادارہ جاتی بدنظمی کی روک تھام میں معاون ہے، انہوں نے قومی سطح پر یکساں طبی ریکارڈ مرتب کرنے کے لیے وزارتِ صحت کے اقدامات کو سراہا اور معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کیو آر کوڈ کے نفاذ کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے وزارتوں کو متعلقہ اعداد و شمار قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہم کرنے کے لیے اقدامات کی ہدایت کر دی۔ وزیرِ اعظم کی زیرِ صدارت وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے نفاذ سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں وزیرِ اعظم نے کہا کہ مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولتوں کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا، ڈیجیٹل نیشن پاکستان کا مقصد شہریوں کو موثر اور باسہولت خدمات فراہم کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام شعبوں اور حکومتی اداروں کے اعداد و شمار ایک جگہ دستیاب ہونے سے معاشی ترقی میں مدد ملتی ہے، ایندھن پر سبسڈی کی سکیم پر کامیاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

پاک۔بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے معاہدے پر دستخط کر دیئے

تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، فوڈ سیکیورٹی، تیل، گیس اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیرِ اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور بحرینی وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے پاک بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

ایتھوپیا، روانڈا اور تاجکستان کے سفیروں کی وزیرِ دفاع سے ملاقات

دفاع اور ہوا بازی کے شعبوں میں تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر امر حسین ادبا، پاکستان میں روانڈا کی ہائی کمشنر ہریریمانا فاتو اور جمہوریہ تاجکستان کے سفیر برائے غیر معمولی و مکمل اختیارات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

پاکستان اور بحرین کا مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اسحٰق ڈار کا فلسطینی عوام اور ان کے ناقابل تنسیخ حقوق کے لیے اپنی اصولی حمایت کا اعادہ اور غیر قانونی بستیوں کی مسلسل توسیع اور القدس الشریف کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار

پاکستان اور بحرین کے درمیان تعلقات انتہائی واضح اور مخلصانہ نوعیت کے ہیں، ممالک کی توجہ اپنے مضبوط تعلقات کو مزید عملی نتائج میں تبدیل کرنے اور مستقبل میں تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے پر ہے، بحرینی وزیر خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور بحرین نے تجارت و سرمایہ کاری، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنرمندی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

یورپ کیلئے براہ راست شپنگ سروس بحال، برآمد کنندگان کو سہولت ملے گی، جنید انوار چوہدری

کراچی سے ہفتہ وار سروس کی فراہمی سے برآمد کنندگان کو یورپ کی اہم منڈیوں تک زیادہ بہتر اور قابل اعتماد رسائی حاصل ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ کراچی اور یورپ کی بڑی بندرگاہوں کے درمیان براہ راست شپنگ رابطہ بحال کر دیا گیا ہے جس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف سے روانڈا کی ہائی کمشنر ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان اور برطانیہ کا ترجیحی شعبوں میں تجارت اور تعاون کو مزید فروغ دینے اور دوطرفہ تجارتی مذاکرات کے ذریعے ٹھوس نتائج کے حصول پر اتفاق، وزیر تجارت جام کمال خان اور پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی ملاقات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور برطانیہ نے ترجیحی شعبوں میں تجارت اور تعاون کو مزید فروغ دینے اور دوطرفہ تجارتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

'پاکستان خطے میں غربت کا سب سے بڑا مرکز بن چکا' حکومت نے عالمی بینک کی رپورٹ کو گمراہ کن قرار دیدیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے معاشی مشیر خرم شہزاد نے خطے کے غریب ترین افراد پاکستان میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

اروشا: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے آئی پی یو صدر ڈاکٹر تولیا ایکسن ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ایک ارب 21 کروڑ ڈالر سٹاف لیول معاہدہ طے

ایکزیکٹو بورڈ منظوری دیگا

ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے چوتھے جائزے کے تحت ایک ارب ڈالر، ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت 21 کروڑ ڈالر ملیں گے

پاکستان کے ساتھ موجودہ ای ایف ایف پروگرام کی 5 قسط کیلئے چوتھا جائزہ اجلاس ہوا، پاکستان کے ساتھ موسمیاتی تبدیلیوں کیلئے آر ایس ایف پروگرام کیلئے تیسرے جائزے کیلئے مذاکرات ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ کے درمیان دو پروگراموں میں ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کا سٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا، پاکستان کو ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

(ن) لیگ و پی پی میں قانون سازی پر ڈیڈ لاک ختم، انتخابی اصلاحات کمیٹی کے قیام پر اتفاق

پارلیمانی کمیٹی میں دونوں ایوانوں میں جماعتوں کی عددی تعداد کے تناسب سے ارکان کو رکنیت دی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی میں تعاون کے معاملے پر ڈیڈ لاک ختم ہو گیا، دونوں جماعتوں کے درمیان پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام پر اتفاق ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق انتخابی اصلاحات کمیٹی کی چیئرمین شپ پیپلز پارٹی کو دینے پر اتفاق کیا گیا ہے جبکہ کمیٹی میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کر دی، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اپوزیشن اتحاد کی حکومت سے مذاکرات سے متعلق اجلاس بلانے کی تردید، حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا، اسد قیصر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن رہنماؤں نے حکومت سے مذاکرات سے متعلق کوئی اجلاس بلانے کی تردید کر دی۔ نجی ٹی وی سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما اسد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: محمد اسحاق ڈار بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

اپوزیشن قائدین کا مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سے مشروط کرنے پر اتفاق، ذرائع

محمود خان اچکزئی کا علامہ ناصر عباس سے رابطہ، آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت، مذاکرات سے متعلق حکمت عملی پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن قائدین نے مذاکرات کو بانی پاکستان تحریک انصاف سے ملاقات سے مشروط کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔ نیپرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

شمالی وزیرستان میں آپریشن فتنہ الخوارج کے کمانڈرز 9 دہشت گرد سمیت 4 ہلاک

فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشت گرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل، کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کئے گئے

صدر مملکت اور وزیر اعظم کا شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام وِیژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

صدرِ آصف علی زرداری کو 6 ہزار سے زائد درخواستوں کو نمٹانے سے متعلق رپورٹ پیش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدرِ مملکت آصف علی زرداری کو گذشتہ دو سال کے دوران 6 ہزار سے زائد درخواستوں کو نمٹانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

تھوک اور پرچون قیمتوں میں فرق کی مؤثر نگرانی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے ضروری اشیاء کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی اور ضلعی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

وزیراعظم شہباز شریف سے بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور افرادی قوت کی استعداد کار میں اضافے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے جمعرات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

پاکستان، برطانیہ کا آئندہ ٹریڈ ڈائیلاگ میں عملی نتائج کے حصول پر اتفاق

ملاقات میں سیکرٹری تجارت جواد پال اور وزارت تجارت کے سینئر حکام بھی شریک ہوئے

جس میں پاکستان اور برطانیہ نے آئندہ ٹریڈ ڈائیلاگ میں عملی نتائج کے حصول پر زور دیا

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری تجارت جواد پال اور وزارت تجارت کے سینئر حکام بھی شریک ہوئے، جس میں پاکستان اور برطانیہ نے آئندہ ٹریڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی ملاقات کرتے ہوئے

موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے اثرات نے پیشگی تیاری موثر سپانسلز کی مزید بڑھا دی اہمیت

رانا تنویر حسین

عالمی کاربن اخراج میں پاکستان کا حصہ انتہائی کم، موسمیاتی تبدیلی کا پاکستان پر نمایاں اثر پڑا' تقریب سے خطاب

زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحمت رکھنے والے طریقوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے' وفاقی وزیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ فوڈ سکیورٹی انتہائی اہم شعبہ ہے اور قومی سلامتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

مریم نواز شریف کا شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر اظہارِ تشکر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

نیویارک ٹائمز کی پاکستانی فضائیہ کے طیاروں کے حوثیوں کے خلاف استعمال سے متعلق خبر جعلی اور من گھڑت ہے، وزارت اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت اطلاعات و نشریات نے نیویارک ٹائمز کی جانب سے پاک فضائیہ کے طیاروں کو حوثیوں کے خلاف استعمال کیے جانے سے متعلق شائع کردہ خبر کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

وزیراعظم سے وفاقی وزیر خالد مگسی کی ملاقات، وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور بلوچستان سے متعلق امور پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کی ملاقات جس میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور بلوچستان سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔

جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن ملکی سیاست میں ایک بار پھر متحرک ہو گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن ملکی سیاست میں ایک بار پھر متحرک ہو گئے۔ حکومتی وفد سے ملاقات کے بعد مولانا فضل الرحمٰن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

صدر مملکت جرمن سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

صدرِ آصف علی زرداری کا پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بالخصوص تجارت و سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون، دفاع، ہنرمند افرادی قوت کی آمد و رفت اور کاروباری اداروں کے درمیان روابط کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

صدر مملکت سے بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان مضبوط دوطرفہ سیاسی تعلقات کو مزید گہرے تجارتی اور سرمایہ کاری روابط میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے

پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ اور قابلِ اعتماد دفاعی شراکت داری موجود ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور بحرین کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور سکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بحرین کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، پاکستان اعتماد سازی، اختلافات کو کم کرنے اور خطے میں دیرپا امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لئے تمام فریقین کے ساتھ تعمیری روابط کے عزم پر قائم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

مریم نواز شریف سے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کی وفد کے ہمراہ ملاقات

عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو صوبہ میں صنعتی ورکرز کیلئے اپارٹمنٹس کی الاٹمنٹ کے اقدام کو سراہا

صوبہ میں لیبر اور ورکرز کو راشن کارڈ دینے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی ادارہ محنت کے وفد کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں مزدوروں اور ورکرز کی فلاح و بہبود پر تبادلہ خیال کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

سپریم کورٹ، خاتون اپنے ہی بچے کے قتل کے الزام سے عدم شواہد پر بری

ملزمہ پر اپنے ہی بچے کو جلا کر مارنے کے کوئی ٹھوس شواہد نہیں، وکیل صفائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے خاتون کو اپنے ہی بچے کے قتل کے الزام سے عدم شواہد پر بری کر دیا۔ جسٹس ملک شہزاد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، ملزمہ کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ سہالہ میں مقدمہ درج تھا۔ وکیل صفائی نے کہا کہ ملزمہ پر اپنے ہی بچے کو جلا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

اسحاق ڈار اور بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال

چیلنجز سے نمٹنے اور تنازعات کے حل کے لئے مذاکرات اور سفارتکاری ہی سب سے قابل عمل ذرائع ہیں، گفتگو

مشترکہ وزارتی کمیشن کے تحت تمام دوطرفہ مشترکہ ورکنگ گروپس کے اجلاس منعقد ہوئے، نتیجہ خیز بات چیت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں بالخصوص تجارت، اقتصادی و سرمایہ کاری تعلقات اور کثیر الجہتی فورمز پر روابط کے ذریعے دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

اوکاڑہ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈی سی افس میں اجلاس

وکاڑہ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈی سی افس میں اجلاس

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈی سی افس میں اجلاس، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے ترقیاتی منصوبوں اور بیوٹیفکیشن سکیمز پر تفصیلی بریفنگ دی جبکہ دیگر متعلقہ افسران نے واٹر فلٹریشن پلانٹس، ستھرا پنجاب، انسداد تجاوزات مہم اور پرائم منسٹر فیول سبسڈی پروگرام پر بھی بریفنگ دی۔ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل نے بیوٹیفکیشن سکیمز پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایات دیں اور ستھرا پنجاب اور انسداد تجاوزات مہم کے تحت مانیٹرنگ میکانزم مزید بہتر کے احکامات جاری کیے۔ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ ترقیاتی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

پنجاب میں شفافیت، میرٹ اور بلا امتیاز ترقی ہماری اولین ترجیح ہے، چوہدری افتخار حسین چھچھر

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + شکیل احمد آصم) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، پنجاب اسمبلی کے چیئرمین چوہدری افتخار حسین چھچھر نے کہا ہے کہ پنجاب میں شفافیت، میرٹ اور بلا امتیاز ترقی ہماری اولین ترجیح ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب اسمبلی عوام کے ایک ایک پیسے کی نگہبانی کے لیے ہر دم فعال ہے۔ صوبے سے کرپشن کا مکمل خاتمہ محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ہمارا عملی عزم ہے، جس کے لیے مالیاتی بے ضابطگیوں کے خلاف سخت ترین محاسبے کا نظام نافذ کر دیا گیا ہے۔ عوام کے ٹیکسوں کا پیسہ اب ذاتی مفادات کے بجائے براہ راست عوامی فلاح اور ترقی پر خرچ ہو رہا ہے۔ صوبہ بھر میں تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر اور زراعت کے شعبوں میں جاری ترقیاتی منصوبے پنجاب کی خوشحالی کا نیا باب رقم کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی فلاح اور گڈ گورننس کے وژن کے تحت نہری نظام کی بہتری اور کاشتکاروں کو پانی کی مؤثر فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی فلاح اور گڈ گورننس کے وژن کے تحت نہری نظام کی بہتری اور کاشتکاروں کو پانی کی مؤثر فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کینال ڈیزرٹ برانچ کا دورہ کیا اور نہر میں بھل صفائی کے جاری کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر بہاولپور ڈویژن نے چیف انجینئر محکمہ انہار محمد فیصل سے کینال ڈیزرٹ برانچ میں بھل صفائی کے کام، پیش رفت اور نہری پانی کی روانی سے متعلق بریفنگ لی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ نہر میں بھل اور پانی کی روانی میں رکاوٹ بننے والے دیگر عوامل کی بروقت صفائی یقینی بنائی جائے تاکہ پانی کی روانی بہتر ہو اور نہر کی ٹیل تک مؤثر اور بلا تعطل فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ کینال ڈیزرٹ برانچ سے مستفید ہونے والے کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی میں بہتری اولین ترجیح ہے۔ بروقت بھل صفائی سے نہری پانی کی روانی میں بہتری لائی جا سکتی ہے، اس لیے صفائی کے کام کو مؤثر انداز میں مکمل کیا جائے اور نہر کی ٹیل تک پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ بھل صفائی کے کام میں مقررہ معیار اور طریقہ کار پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ محکمہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا کو چیف انجینئر انہار محمد فیصل کینال ڈیزرٹ برانچ کے حوالے سے بریف کر رہے ہیں

بدبخت بیٹے نے مبینہ طور پر بزرگ ماں اور باپ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا بدبخت بیٹے کی ماں باپ کو گھر سے نکالنے کی کوشش

پاکپتن (نامہ نگار) بدبخت بیٹے نے مبینہ طور پر بزرگ ماں اور باپ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا بدبخت بیٹے کی ماں باپ کو گھر سے نکالنے کی کوشش، تفصیلات کے مطابق تھانہ ملکہ ہانس کے علاقہ سلیم کوٹ کے رہائشی متاثرہ اقبال جٹ اور مقصوداں بی بی نے بتایا کہ ہم نے اپنے بیٹے صابر علی کو مکان لے کر دیا، بدبخت بیٹے صابر علی نے مکان فروخت کر کے عیاشی کر لی، اب وہ زبردستی بیوی بچوں سمیت ہمارے گھر میں گھس آیا ہے، اور آئے روز ہمیں تشدد کا نشانہ بناتا رہتا ہے، چند روز صابر نے اس کی بیوی سونیا بی بی نے مجھے اور میرے خاوند کو لاتوں گھونسوں سے تشدد کا نشانہ بنایا اور سڑک پر گھسیٹتا رہا یہ ظلم پورے گاؤں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا، میرے بیٹے صابر کی بیوی سونیاں بی بی آئے روز کپڑے پھاڑ کر اپنے سسر (میرے خاوند) پر جھوٹے الزام لگاتی ہے، پولیس اور تحقیقاتی ادارے گاؤں میں آ کر تسلی کر لیں، متاثرہ اقبال جٹ اور مقصودہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں اور ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، بشیر احمد ناز

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) سیاسی و سماجی رہنما بشیر احمد ناز نے کہا ہے کہ پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں اور ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ دہشت گردوں کا کوئی دین اور مذہب نہیں ہوتا جبکہ انتہا پسندی اور دہشتگردی ملک وقوم کیلئے زہر قاتل ہے۔ ملک دشمن قوتیں پاک وطن میں فرقہ واریت پھیلا کر اپنے ناپاک عزائم پورے کرنا چاہتی ہیں مگر ہر پاکستانی کو اس ناسور کے خاتمہ کیلئے اپنی تمام تر وابستگیوں سے بالاتر ہو کر حقیقی پاکستانی ہونے کا ثبوت دینا ہو گا اسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

ڈپٹی کمشنر محمد اوکاڑہ اکرام ملک کی ہدایت پر ڈی اوسکینڈری جمیل احمد رضوی کا گورنمنٹ ہائی سکول بصیر پور میں انتظامی امور اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر محمد اوکاڑہ اکرام ملک کی ہدایت پر ڈی اوسکینڈری جمیل احمد رضوی کا گورنمنٹ ہائی سکول بصیر پور میں انتظامی امور اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ، انہوں نے سکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ و عملے کی حاضری، درس و تدریس کے معیار اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور بہترین انتظامات پر پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول ٹاؤن بصیر پور کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیا۔ انہوں نے سکول انتظامیہ اور اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ تعلیمی معیار کو مزید بلند کرنے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور جذبے و محنت سے فرائض منصبی سرانجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی تعلیم کی بہتری حکومت پنجاب کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

اوکاڑہ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کا ڈی ایچ کیوسٹی ہسپتال میں طبی سہولیات اور شہر میں بیوٹیفکیشن کے کاموں کا جائزہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کا ڈی ایچ کیوسٹی ہسپتال میں طبی سہولیات اور شہر میں بیوٹیفکیشن کے کاموں کا جائزہ۔ انہوں نے شعبہ ایمرجنسی او پی ڈی اور فارمیسی سمیت دیگر وارڈز میں طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور ڈی ایچ کیوسٹی ہسپتال میں مریضوں اور ان کے لواحقین سے طبی سہولیات کی فراہمی بارے استفسار کیا۔ کمشنر ساہیوال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے طلبہ سے پیش آنے والے واقعے کی مذمت، ملزمان کی گرفتاری کیلئے 24 گھنٹے کا الٹی میٹم

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے طلبہ سے پیش آنے والے واقعے کی مذمت، ملزمان کی گرفتاری کیلئے 24 گھنٹے کا الٹی میٹم۔ پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن اوکاڑہ نے یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے طلبہ کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے متعلقہ اداروں سے ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ صدر پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن گورنمنٹ ڈگری کالج اوکاڑہ چوہدری خالد راجپوت نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کو 24 گھنٹے کا وقت دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملزمان کی گرفتاری میں مزید تاخیر کی گئی تو پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن کی جانب سے بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ چوہدری خالد راجپوت نے افسوسناک واقعے میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سروسز	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہوم ڈیلیوری	99212111
سوئرو سے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری سٹیزن سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
ایڈیشنل شکایت سنٹر	111-000-118
سوشل میڈیا شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
ڈی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
حمید لطیف بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

ڈی ایچ کیوسٹی ہسپتال میں طبی سہولیات کا جائزہ، مریضوں کو بہتر سروسز کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

اوکاڑہ: بیورو چیف شیخ حمزہ طارق کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل نے ڈی ایچ کیوسٹی ہسپتال اوکاڑہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور مختلف شعبہ جات میں جاری انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے شعبہ ایمرجنسی، او پی ڈی، فارمیسی سمیت دیگر وارڈز کا معائنہ کیا اور ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی دریافت کیا۔ اس موقع پر کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ حکومت پنجاب شعبہ صحت میں عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ڈی ایچ کیوسٹی ہسپتال میں روزانہ تقریباً 4 ہزار مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں کی جانے والی تبدیلیوں سے طبی سروسز میں بہتری آئی ہے جبکہ مریضوں کو بہتر میڈیکل سروسز، صفائی ستھرائی اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

جب تک سیاسی قوتیں قومی معاملات پر اتفاق رائے نہیں کرتی جمہوریت اور معیشت کی بہتری ایک خواب ہی رہے گی، چوہدری ابرار اقبال ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) ابرار آٹوز ساہیوال روڈ پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو نوجوان قانون دان چوہدری ابرار اقبال ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک احتجاج کا متحمل نہیں ہے، جب تک سیاسی قوتیں قومی معاملات پر اتفاق رائے نہیں کرتی جمہوریت اور معیشت کی بہتری ایک خواب ہی رہے گی، پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال میں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو سرمایہ کاروں کا اعتماد کو بحال کرے اور کاروباری طبقے کو استحکام فراہم کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت سے ادارے مضبوط ہوں گے اور میثاق معیشت سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

(BISP) کے تحت مستحق خاندانوں کو درپیش مشکلات، دوبارہ سروے میں تاخیر اور امدادی رقم کے حصول میں مبینہ دشواریوں کے حوالے سے پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن پنجاب اسمبلی شگفتہ فیصل ایم پی اے نے دیپالپور سمیت ضلع اوکاڑہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت مستحق خاندانوں کو درپیش مشکلات، دوبارہ سروے میں تاخیر اور امدادی رقم کے حصول میں مبینہ دشواریوں کے حوالے سے پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کرا دی قرارداد میں دیپالپور سمیت ضلع اوکاڑہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دوبارہ سروے کے مسائل، تاخیر اور امداد کے حصول میں پیش آنے والی مشکلات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ مستحق خاندانوں کے مسائل کے حل کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں شگفتہ فیصل ایم پی اے نے قرارداد میں مؤقف اختیار کیا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ملک کے کم آمدنی والے اور مستحق خاندانوں کے لیے مالی معاونت کا ایک اہم ذریعہ ہے، تاہم دیپالپور اور ضلع اوکاڑہ کے مختلف علاقوں میں متعدد مستحق افراد کو سروے، رجسٹریشن اور امدادی رقم کے حصول (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے میٹرو بس پراجیکٹ کے روٹس کا تفصیلی دورہ کیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے میٹرو بس پراجیکٹ کے روٹس کا تفصیلی دورہ کیا اور جھنگ روڈ سے جڑانوالہ روڈ تک مختلف مقامات پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں، فیسکو کے پولز و دیگر یوٹیلیٹی تنصیبات کی منتقلی، ٹریفک کے بہاؤ اور ہیلتھ اینڈ سیفٹی انتظامات کا موقع پر جائزہ لیا۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی، نیسپاک، فیسکو، ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے تعمیراتی کام کے دوران شہریوں اور ٹریفک کی محفوظ آمدورفت کو یقینی بنانے کے لئے حفاظتی اقدامات کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی مقامات پر مناسب بیریئرز، وارننگ سائنز، ریفلیکٹرز اور دیگر ضروری سیفٹی میسرز کی دستیابی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

بہتر کارکردگی پر حوصلہ افزائی، غفلت پر جواب دہی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بہتر کارکردگی پر حوصلہ افزائی، غفلت پر جواب دہی ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے اردل روم میں محکمانہ انکوائریوں کی سماعت کی۔ ناقص کارکردگی، فرائض میں غفلت اور قواعد کی خلاف ورزی پر اہلکاروں کو سنشور، جرمانے اور سروس ضبطی کی سزائیں سنائی گئیں، جبکہ ایک اہلکار کو غیر حاضری پر ملازمت سے برخاست (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

کوٹلی لوہاراں مشرقی میں گھر سے کرلا جانور ریسکیو

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کوٹلی لوہاراں مشرقی میں گھر سے کرلا جانور ریسکیو۔ تفصیلات کے مطابق کوٹلی لوہاراں مشرقی میں ایک گھر سے کرلا ڈریگن کی اطلاع پر ریسکیو 1122 ٹیم نے موقع پر پہنچ کر جانور کو بحفاظت ریسکیو کر لیا ریسکیو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

اندراجِ طلبہ کے اہداف کے حصول سے متعلق اجلاس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اندراجِ طلبہ کے اہداف کے حصول سے متعلق اجلاس، سیالکوٹ کے سی ای او (ایجوکیشن) سعید اصغر کی زیرِ صدارت اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کا ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں تفویض کردہ اہداف کے حصول کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سی ای او (ایجوکیشن) نے زیادہ سے زیادہ اندراج اور ضلعی اہداف کے بروقت حصول کو یقینی بنانے کے لیے موثر فیلڈ مانیٹرنگ، مربوط کوششوں اور پیشگی اقدامات پر زور دیا۔ اجلاس میں میں تفویض کردہ اہداف کے حصول کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سی ای او (ایجوکیشن) نے زیادہ سے زیادہ اندراج اور ضلعی اہداف کے بروقت حصول کو یقینی بنانے کے لیے موثر فیلڈ مانیٹرنگ، مربوط کوششوں اور پیشگی اقدامات پر زور دیا۔

زرعی ادویات فروخت کرنے والے چالیس سالہ شخص نے خودکشی کر لی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) زرعی ادویات فروخت کرنے والے چالیس سالہ شخص نے خودکشی کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر پسرور کے علاقہ موضع بن باجوہ میں چالیس سالہ وقار احمد نے خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ خود کو موت کے حوالے کرنے والا وقار احمد نے بن باجوہ میں زرعی ادویات کی دکان بنا رکھی تھی اطلاع پر صدر پسرور پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے لیا۔

لالہ موسیٰ: دو خاتون ملزمان پولیس حراست میں

تھانہ صدر گجرات کے رہائشی محمد عباس نے پولیس کو اطلاع دی کہ وہ اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ گھر کی چھت پر موجود تھا کہ اس دوران نامعلوم ملزمان نے گھر کے اندر الماری کا تالہ توڑ کر طلائی زیورات اور نقدی چوری کر لی

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) تھانہ صدر گجرات کے رہائشی محمد عباس نے پولیس کو اطلاع دی کہ وہ اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ گھر کی چھت پر موجود تھا کہ اس دوران نامعلوم ملزمان نے گھر کے اندر الماری کا تالہ توڑ کر طلائی زیورات اور نقدی چوری کر لی۔ اطلاع موصول ہونے پر تھانہ صدر گجرات پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے ڈی ایس پی لالہ موسیٰ ڈاکٹر ممتاز احمد میکن کی زیرِ نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر گجرات سب انسپکٹر شہروز احمد کو واردات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور مالِ مسروقہ کی برآمدگی کی ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او گجرات کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ایس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

ممبر صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی-189 دیپالپور ملک علی عباس کھوکھر کی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو اقوام متحدہ سے ایوارڈ ملنے پر مبارکباد

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) ممبر صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی-189 دیپالپور ملک علی عباس کھوکھر نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو اقوام متحدہ کے ادارہ برائے انسانی بستیوں کی جانب سے 2026ء کا اعزازی تمغہ ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اعزاز صرف وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے لیے نہیں بلکہ پورے پنجاب کے عوام کے لیے باعثِ فخر ہے عالمی قحط پر پنجاب حکومت کے ہاؤسنگ منصوبے ''اپنی چھت، اپنا گھر'' کا اعتراف اس امر کا ثبوت ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات اور باعزت رہائش کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو عالمی سطح پر بھی سراہا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ غریب اور متوسط طبقے کے خاندان کے لیے اپنی چھت کا خواب زندگی کی بنیادی خواہشات میں شامل ہے کرائے کے مکان میں رہنے والے خاندانوں کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

ڈاکٹر حسنات پر فائرنگ کے تمام ملزمان گرفتار، بہاول پور پولیس آپ کی محافظ ہے، ایس ڈی پی او سٹی سرکل بہاول پور عبدالغفار

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ڈاکٹر حسنات پر فائرنگ کے تمام ملزمان گرفتار، بہاول پور پولیس آپ کی محافظ ہے کریمنل افراد کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا ایس ڈی پی او سٹی سرکل بہاول پور عبدالغفار نے تھانہ کوتوالی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ او تھانہ کوتوالی طاہر اقبال نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی، جس نے شب و روز محنت کرتے ہوئے ملزمان کا سراغ لگایا اور انہیں گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے واردات میں استعمال ہونے والا پسٹل 30 بور بھی برآمد کر لیا۔ گرفتار ملزمان سے واقعہ کے حوالے سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے جبکہ پولیس دیگر شواہد بھی اکٹھے کر رہی ہے تاکہ مقدمہ کو مکمل میرٹ پر منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے۔ اس حوالے سے ایس ڈی پی او سٹی سرکل کی جانب سے پریس کانفرنس میں کارروائی کی تفصیلات سے میڈیا نمائندگان کو آگاہ کیا گیا۔ ڈی پی او بہاولپور رانا عبدالوہاب نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، سنگین جرائم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)



مہنگائی، بھاری ٹیکسوں اور بڑھتے اخراجات نے عوام کی کمر توڑ دی، غریب سے غریب تر ہونے کا سلسلہ جاری عوام کو غربت اور معاشی پریشانیوں سے نکالا جائے

حجرہ شاہ مقیم (سردار محمد اشفاق) مہنگائی، بھاری ٹیکسوں اور بڑھتے اخراجات نے عوام کی کمر توڑ دی، غریب سے غریب تر ہونے کا سلسلہ جاری عوام کو غربت اور معاشی پریشانیوں سے نکالا جائے عالمی بینک کی تازہ رپورٹ کے مطابق خطے میں غربت ایک سنگین مسئلہ بنی ہوئی ہے، جبکہ پاکستان میں مہنگائی، روزمرہ اخراجات میں مسلسل اضافے اور بھاری ٹیکسوں کے باعث عوام شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں۔ محدود آمدن رکھنے والے طبقے کے لیے گھر کا چولہا جلانا، بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا روز بروز مشکل ہوتا جا رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگے پٹرول، بجلی کے بھاری بلوں، اشیائے ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور مختلف ٹیکسوں نے عام آدمی کی ماہانہ آمدن کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ بہت سے خاندانوں کی بیشتر آمدن بجلی، گیس، پٹرول، راشن اور دیگر بنیادی اخراجات میں صرف ہو جاتی ہے، جس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلباء کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت اور ذہنی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، میاں شیر محمد سکھیرا

پاکپتن (نامہ نگار) نواز شریف اسکول آف ایمینس پاکپتن کے ڈائریکٹر نوجوان قانون دان معروف ماہر تعلیم میاں شیر محمد سکھیرا نے کہا ہے کہ ایک استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلباء کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت اور ذہنی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، ان خیالات کا اظہار ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیچر ڈے کے موقع پر اساتذہ کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے محافظ ہیں جن کی محنت اور لگن سے طلباء اپنی زندگیوں میں کامیابی کی راہ ہموار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے اساتذہ کی قدر کرنے اور انکے مرتبے کو پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے، انہوں نے اس موقع پر والدین اور معاشرے سے بھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

صدر انصاف پریس کلب بہاولنگر رائے عرفان عابد اور تحصیل جنرل سیکرٹری انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ بہاولنگر محمد شفیق جوئیہ کی اے ڈی سی آر اور اے ڈی سی جی بہاولنگر سے ملاقات

نمایاں پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم، اے سی سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نمایاں پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم، اے سی سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت۔ ڈاکٹر عبد القدیر خان گولڈ میڈل مینجمنٹ کمیٹی تحصیل سمبڑیال کے زیرِ اہتمام نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات اور اعزازات تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے پوزیشن ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ محنت، لگن اور مسلسل جدوجہد ہی کامیابی کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے طلبہ و طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیمی کارکردگی کو مزید بہتر بناتے ہوئے ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اے سی سمبڑیال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

قائم مقام ڈی پی او اوکاڑہ حافظ خضر زمان نے تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) قائم مقام ڈی پی او اوکاڑہ حافظ خضر زمان نے تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں مرد و خواتین شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہریوں نے اپنے مسائل، شکایات اور درخواستیں براہِ راست قائم مقام ڈی پی او کے سامنے پیش کیں۔ قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان نے شہریوں کی شکایات کو غور سے سنا اور متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری اور قانونی حل کے لیے موقع پر ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر میرٹ اور قانون کے مطابق کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور بلاوجہ تاخیر سے گریز کیا جائے۔ حافظ خضر زمان نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا فوری اور قانونی حل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کو پولیس افسران تک براہِ راست رسائی فراہم کرنا اور ان کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

آنکھوں کی حفاظت، صحت مند معاشرے کی ضمانت

آنکھیں قدرتِ الٰہی کی عطا کردہ انمول نعمت ہیں۔ انسان اپنے اردگرد کی خوبصورتی، اپنے پیاروں کے چہرے، قدرت کے حسین مناظر اور زندگی کے بے شمار رنگ اپنی آنکھوں کے ذریعے دیکھتا ہے۔ بینائی صرف دیکھنے تک محدود نہیں بلکہ تعلیم، روزگار، خودمختاری اور معیارِ زندگی سے بھی براہِ راست وابستہ ہے۔ اسی لیے آنکھوں کی صحت کا تحفظ ہر فرد، خاندان اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہر سال بینائی کا عالمی دن (World DaySight) دنیا بھر میں آنکھوں کی صحت اور بصری مسائل کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ اس دن کا بنیادی مقصد یہ احساس پیدا کرنا ہے کہ آنکھوں کی بہت سی بیماریوں کی بروقت تشخیص، مناسب علاج اور احتیاطی تدابیر کے ذریعے بینائی کو محفوظ رکھا جا سکت

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عادل عمر کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عادل عمر کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاک آرمی آفیسر نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی جبکہ سٹی ٹریفک پولیس، سوشل ویلفیئر، سول ڈیفنس، ایکسائز، ماحولیات اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے کارکردگی، جاری اقدامات اور محکمانہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ڈی جی ایف ڈی اے کی جائیدادوں کی نیلامی کو ہر لحاظ سے شفاف، منظم اور میرٹ کے مطابق بنانے کی ہدایت

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد آصف چوہدری نے جمعرات 15 اکتوبر کو منعقد ہونے والی مختلف کمرشل پلاٹس اور دیگر جائیدادوں کی نیلامی کے عمل کو ہر لحاظ سے شفاف، منظم اور میرٹ کے مطابق بنانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نیلام عام کی کارروائی کی نگرانی آکشن کمیٹی کرے گی جبکہ تمام مراحل مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں گے۔ انہوں نے نیلام عام کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو انتظامی امور، شرکاء کے لئے سہولیات، نیلامی کے طریقہ کار اور دیگر ضروری اقدامات کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ-I جنید حسن منج نے ڈی جی ایف ڈی اے کو نیلام عام کے ذریعے فروخت کے لئے منتخب کئے گئے ایف ڈی اے کے ملکیتی پلاٹس، ان کے محل وقوع، رقبہ، متوقع قدر و قیمت، نیلامی کی شرائط اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ نیلام عام میں احمد نگر کی 99 محلّہ شاپس، کمرشل سنٹر کی 46 دکانیں، ملت ٹاؤن اے بلاک کی 23 محلّہ شاپس اور کمرشل سنٹر کی 13 دکانیں جبکہ علامہ اقبال کالونی سی بلاک کی 2 دکانیں فروخت کے لئے پیش کی جائیں گی۔ اسی طرح 212 سرسید ٹاؤن III میں تقریباً 14 مرلہ رقبہ پر مشتمل کمرشل پلاٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کے اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

محمد اشفاق نذر، میاں اعجاز انجم، سرفراز نذر اور ملک ابرار حسین نے (Vista & Tour & Travel SA) کا افتتاح کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعظم سے ایوارڈ یافتہ کلین گرین پاکستان کے قومی چیمپین و معروف سماجی راہنما محمد اشفاق نذر، میاں اعجاز انجم، سرفراز نذر اور ملک ابرار حسین نے (Vista & Travel & Tours SA) کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں پہنچنے پر مہمانوں کا چوہدری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

سیالکوٹ لائنز کلب کے زیر اہتمام ذہنی صحت کے عالمی دن کے حوالے سے آگاہی واک کا اہتمام

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ لائنز کلب کے زیر اہتمام ذہنی صحت کے عالمی دن کے حوالے سے آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا جس کی قیادت صدر سیالکوٹ لائنز کلب محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور ڈسٹرکٹ گورنر محمد سلیم نے کی واک میں سیالکوٹ لائنز کلب کے عہدیداران ممبران، ماڈل کیمبرج سکول سسٹم کی ٹیچرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی شرکاء نے ذہنی صحت کی اہمیت ذہنی دباؤ سے بچاؤ اور معاشرے میں صحت مند اور مثبت طرزِ زندگی کو فروغ دینے کے حوالے سے آگاہی دی اس موقع پر صدر سیالکوٹ لائنز کلب محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ذہنی صحت، جسمانی صحت کی طرح انسانی زندگی کا بنیادی حصہ ہے، اس لیے ذہنی دباؤ، پریشانی اور دیگر نفسیاتی مسائل کو نظر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے دانش سکول سنٹر آف ایکسیلنس کا دورہ کیا اور تعلیمی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزد سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے دانش سکول سنٹر آف ایکسیلنس کا دورہ کیا اور تعلیمی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاس رومز، سائنس لیبارٹری اور امتحانی مراکز کا معائنہ کیا اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات، تدریسی عمل اور امتحانی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لیبارٹری میں دستیاب سہولیات اور آلات کا بھی معائنہ کیا جبکہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

سیالکوٹ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر صولت وٹو پرائس مجسٹریٹس کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سید نصیر عباس شاہ کی والدہ کے انتقال پر صحافتی برادری کا اظہار تعزیت، مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی کا خصوصی اہتمام کیا گیا

شیر گڑھ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر اوکاڑہ سید نصیر عباس شاہ کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ ان کے انتقال پر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے زیر اہتمام تعزیتی اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں صدر مرکزی پریس کلب وضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ عمران زاہد کھوکھر، جنرل سیکرٹری حاجی غلام یٰسین کھوکھر سمیت صحافیوں اور معززین علاقہ نے شرکت کی۔ تعزیتی اجلاس میں مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعا کی گئی۔ شرکاء نے سید نصیر عباس شاہ اور دیگر اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ماں کا دنیا سے چلے جانا ایک ناقابلِ تلافی صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اجلاس کے اختتام پر مرحومہ کے لیے مغفرت اور بلند (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) پراجیکٹ سے پانی کی فراہمی اور کوالٹی پر صارفین نے اطمینان کا اظہار کیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) پراجیکٹ سے پانی کی فراہمی اور کوالٹی پر صارفین نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ میپنگ ڈائریکٹر واسا ثاقب رضا کی ہدایت پر سٹیزن لائزن سیل کی ٹیم کی جانب سے مدینہ ٹاؤن، پیپلز کالونی سمیت دیگر متعلقہ علاقوں میں سروے کیا جا رہا ہے جس میں سی ایل سی سٹاف گھر گھر جا کر صارفین سے فراہم کردہ پانی کی کوالٹی، ٹائمنگ سمیت دیگر امور بارے معلومات حاصل کر رہا ہے تاکہ صارفین کے مطمئن ہونے بارے رپورٹ تیار کی جا سکے۔ ایم ڈی واسا نے کہا کہ جائیکا پراجیکٹ سے 2 لاکھ کے قریب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ مس شازیہ بانو کی جانب سے سکول سربراہان کو سکولوں کے ماحول کو صاف، سرسبز، خوبصورت اور طلبہ کے لیے سازگار بنانے کے لیے خصوصی ہدایات

رینالہ خورد (آصف شہزاد جٹ) اوکاڑہ کے سرکاری سکولوں کی خوبصورتی اور بہتری کے لیے عملی اقدامات وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، وزیرِ تعلیم رانا سکندر حیات اور سیکرٹری سکول ایجوکیشن پنجاب ملک مدثر ریاض کی ہدایات کے مطابق اوکاڑہ کے سرکاری سکولوں میں صفائی ستھرائی، شجرکاری، گرینری اور بیوٹیفیکیشن پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ مس شازیہ بانو کی جانب سے سکول سربراہان کو سکولوں کے ماحول کو صاف، سرسبز، خوبصورت اور طلبہ کے لیے سازگار بنانے کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی جا رہی ہیں۔ سکولوں میں صفائی کے مؤثر انتظام، شجرکاری، گرین بیلٹس کی بہتری، خوبصورتی اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ صاف، سرسبز اور خوبصورت سکول معیاری تعلیم کی جانب ایک اہم قدم۔

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز میں "کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک" قائم کر دیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) کمشنر آفس کی طرف سے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز میں "کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک" قائم کر دیا گیا ہے جس کا مقصد بزنس کمیونٹی کو مختلف محکموں سے متعلقہ این او سیز کی منظوری کے امور کا فالو اپ کر کے بغیر کسی تاخیر کے این او سی ڈیلیور کرانا ہے۔ کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک کی لانچنگ تقریب کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوئی جس کی صدارت کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے کی۔ ڈی جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری، پنجاب ریونیو اتھارٹی سے عفیفہ شاجیہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، لیبر، انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی، سوشل سکیورٹی، انڈسٹریز، میونسپل کارپوریشن و دیگر محکموں کے افسران کے ہمراہ بزنس کمیونٹی کے ارکان بھی شریک تھے۔ کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک میں فرسٹ اور سیکنڈ شفٹ میں کمشنر آفس کا سٹاف ڈیوٹی انجام دے گا، بزنس کمیونٹی این او سی کے لئے اپلائی کر کے ڈیسک پر آگاہ کریں جس کے بعد کمشنر کی طرف سے این او سی کے مراحل کا فالو اپ کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ این او سی کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

اینٹی کرپشن سیالکوٹ کی جانب ایک اور کامیاب ٹریپ ریڈ محمد صابر گل پٹواری رشوت لیتے ہوئے گرفتار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) اینٹی کرپشن سیالکوٹ کی جانب ایک اور کامیاب ٹریپ ریڈ محمد صابر گل پٹواری رشوت لیتے ہوئے گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب لاہور سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایات پر اینٹی کرپشن سیالکوٹ نے کارروائی کرتے ہوئے محمد صابر گل، پٹواری کنسولیڈیشن BS-09، سیالکوٹ کو رشوت لیتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ ٹریپ ریڈ جوڈیشل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کا مشاورتی اجلاس

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کا مشاورتی اجلاس، کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام تر وسائل کا استعمال کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کا مشاورتی اجلاس زیر صدارت صدر شیخ محمد احمد منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینئر نائب صدر اویس افضل اور نائب صدر چوہدری محمد طاہر چیمبر کے ایگزیکٹیو ممبران عائشہ امجد، شیخ ثاقب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

بار ایسوسی ایشن شورکوٹ، سال 2027 کے انتخابات کے لیے امیدواروں کا اعلان

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) بار ایسوسی ایشن شورکوٹ کا اجلاس مقامی ریسٹورنٹ میں منعقد ہوا، جس میں وکلاء برادری نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس کے دوران صدر بار خان قلب عباس خان سیال نے پروگریسیو فرینڈز لائرز گروپ کی جانب سے سال 2027 کے انتخابات کے لیے امیدواروں کا اعلان کیا مہر توقیر عباس کملانہ سیال ایڈووکیٹ صدارت، معیز شفقت ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری اور مہر لعل ہمے ایڈووکیٹ نائب صدارت کے امیدوار ہوں گے اس موقع پر امیدواروں نے وکلاء برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کامیابی کی صورت میں سینئر اور جونیئر وکلاء کے مسائل حل کرنا، ان کے حقوق کا تحفظ اور بار کے وقار میں اضافہ ان کی اولین ترجیحات ہوں گی معیز شفقت ایڈووکیٹ نے کہا کہ سینئر وکلاء کا احترام اور جونیئر وکلاء کی رہنمائی ان کا فرض ہے اجلاس میں چوہدری شمین گجر، چوہدری احسن ظفر، چوہدری عمران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

بار ایسوسی ایشن شورکوٹ، سال 2027 کے انتخابات کے لیے امیدواروں کا اعلان

12 تھانہ بڈیانہ پولیس نے سالہ لاپتہ بچہ چند گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) 12 سالہ لاپتہ بچہ چند گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب، پولیس کی بروقت کارروائی، تھانہ بڈیانہ کے علاقہ مالی پور سے مدرسہ جانے کے لیے گھر سے نکلنے والا 12 سالہ بچہ چند گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مسمی عاصم ولد شبیر، سکنہ مالی پور نے پکار 15 پر اطلاع دی کہ اس کا 12 سالہ بیٹا محمد جلال صبح 8 بجے مدرسہ پڑھنے کے لیے گھر سے نکلا، تاہم نہ مدرسہ پہنچا اور نہ ہی واپس گھر آیا، جس پر اہلخانہ کو بچے کے اغوا کا خدشہ پیدا ہوا۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ بڈیانہ پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے بچے کی تلاش شروع کر دی۔ ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

فاسٹ فوڈ سے بلڈ پریشر سمیت کئی بیماریاں جنم لے رہی ہیں، ڈاکٹر مبارک علی شہکی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف ڈاکٹر مبارک علی شہکی نے کہا ہے کہ فاسٹ فوڈ سے بلڈ پریشر سمیت کئی بیماریاں جنم لے رہی ہیں بلڈ پریشر کو معمولی مسئلہ سمجھنے کی بجائے اس کی بروقت تشخیص باقاعدہ نگرانی اور مناسب علاج کو معمولِ زندگی کا حصہ بنانا ضروری ہے فاسٹ فوڈ اور انتہائی پراسیس شدہ خوراک میں بعض اوقات نمک غیر صحت بخش چکنائی اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

آر پی او کی زیر صدارت فارنرز اور چائنیز کی سکیورٹی کے حوالے سے فیڈمک میں میٹنگ کا انعقاد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) آر پی او فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک کی زیر صدارت فیڈمک میں چائنیز کی سکیورٹی کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں سی ای او فیڈمک قرۃ العین میمن، سی پی او فیصل آباد تنویر حسین، ایس ایس پی آپریشنز عمران احمد، ایس ایس پی سی ٹی ڈی، ایس ایس پی پیشل برانچ اور ایس پی یو کے افسران نے شرکت کی۔ سی ای او فیڈمک قرۃ العین میمن نے آر پی او انعام الرحمٰن ملک کو انتظامی امور اور سکیورٹی صورتحال سے متعلق مکمل بریفنگ دی۔ اس موقع پر آر پی او فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ فیڈمک انڈسٹریل زون میں کام کرنے والے فارنرز کی سکیورٹی کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ فارنرز اور اہم تنصیبات کا ازسرنو سکیورٹی آڈٹ کریں۔ فارنرز کے ورکنگ ایریا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

سی او اینٹی کرپشن سیالکوٹ رانا مبشر علی کی بڑی کارروائی نائب قاصد یونین کونسل بن باجوہ بشارت علی 15 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سی او اینٹی کرپشن سیالکوٹ رانا مبشر علی کی بڑی کارروائی نائب قاصد یونین کونسل بن باجوہ بشارت علی 15 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب لاہور سہیل ظفر چٹھہ صاحب اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایات پر اینٹی کرپشن سیالکوٹ نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں کامیاب ٹریپ ریڈ کیا۔ کارروائی کے دوران نائب قاصد یونین کونسل بن باجوہ پسرور بشارت علی کو 15 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کے خلاف تھانہ اینٹی کرپشن سیالکوٹ میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ دوسری کارروائی کے دوران رانا مبشر علی، سرکل آفیسر اینٹی کرپشن سیالکوٹ کی سربراہی میں کارروائی کرتے ہوئے رفاقت علی ولد لیاقت علی، نکاح رجسٹرار/پی پی کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم رفاقت علی ولد لیاقت علی، نکاح (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

12 تھانہ بڈیانہ پولیس نے سالہ لاپتہ بچہ چند گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب

نیشنل ریسکیو چیلنج 2026، فیصل آباد کی قومی سطح پر چوتھی پوزیشن اور صوبائی سطح پر تیسری پوزیشن

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایات پر ایمرجنسی سروسز اکیڈمی لاہور میں نیشنل ریسکیو چیلنج کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے ریسکیو ٹیموں نے شرکت کرتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ مہارتوں اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ نیشنل ریسکیو چیلنج میں ملک بھر سے 15 ٹیموں نے حصہ لیا۔ فیصل آباد ڈویژن کی ریسکیو ٹیم نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر سلطان محمود کی زیرِ قیادت نیشنل ریسکیو چیلنج میں شرکت کی اور مختلف مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ چیلنج کے دوران ریسکیو ٹیموں کی پیشہ ورانہ مہارت، تکنیکی صلاحیت، ٹیم ورک اور ہنگامی حالات میں فوری و مؤثر کارروائی کی صلاحیتوں کو جانچا گیا۔ مقابلے میں میڈیکل ٹراما، فائر فٹ، ہائٹ ریسکیو، واٹر ریسکیو اور ڈیپ ویل ریسکیو سمیت مختلف ریسکیو چیلنجز شامل تھے۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے بھی فیصل آباد ڈویژن کی ریسکیو ٹیم کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ریسکیو چیلنج جیسے مقابلے ریسکیو اہلکاروں کی صلاحیتوں کو جانچنے، ان کی مہارتوں کو مزید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

ک نمبر 27 میں ٹوٹنے والا بجلی کا پول تین ماہ سے واپڈا حکام کی توجہ کا منتظر، متعدد مرتبہ زبانی اور تحریری شکایات کے باوجود پول مرمت نہ ہو سکا

بچیکی (نامہ نگار) چک نمبر 27 میں ٹوٹنے والا بجلی کا پول تین ماہ سے واپڈا حکام کی توجہ کا منتظر، متعدد مرتبہ زبانی اور تحریری شکایات کے باوجود پول مرمت نہ ہو سکا، خدانخواستہ کسی بھی وقت پول گرنے سے ناخوشگوار واقعہ پیش آ سکتا ہے، اہل علاقہ تفصیلات کے مطابق بڑا گھر کے نواحی گاؤں چک نمبر 27 کے مین بازار میں بجلی کا پول تین ماہ قبل ٹوٹ کر ایک طرف جھک گیا ہے جس کے بارے اہل علاقہ نے متعدد مقامی واپڈا حکام کو زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا مگر کسی نے بھی اس پول کو سیدھا یا مرمت کرنے کی کوشش نہیں کی، اہل علاقہ کے مطابق یہاں ہر وقت بالخصوص (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

اوکاڑہ راوی پولیس کی بڑی کارروائی، خطرناک اشتہاری گرفتار

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی اور ڈی ایس پی صدر سرکل زاہد حسین شاہ کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ راوی طاہر بشیر اور ان کی ریڈنگ ٹیم نے مجرمان اشتہاریوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 182/26 بجرم 392 ت پ میں مطلوب مجرم اشتہاری محمد اسلم عرف ممی ولد غلام، قوم مسلم شیخ، سکنہ 27 جی ڈی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق دورانِ تفتیش گرفتار ملزم نے متعدد دیگر مقدمات میں ملوث ہونے کا انکشاف کیا، جن میں مقدمہ نمبر 385/25 بجرم 379 ت پ، 242/26 بجرم 379 ت پ، 332/26 بجرم 380 ت پ، 383/26 بجرم 381-A ت پ، 429/26 بجرم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)



ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر روڈس روڈ اور کشمیر روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر روڈس روڈ اور کشمیر روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ آپریشن انچارج (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر روڈس روڈ اور کشمیر روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جا رہا ہے

گورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجویٹ کالج سیالکوٹ کے فاطمہ جناح ہال میں پاک بحریہ کے زیر اہتمام ایک پروقار آگاہی تقریب کا انعقاد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجویٹ کالج سیالکوٹ کے فاطمہ جناح ہال میں پاک بحریہ کے زیر اہتمام ایک پروقار آگاہی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاک بحریہ کے کمانڈر شہزاد سیف نے خصوصی طور پر شرکت کی اور طلباء سے خطاب کیا۔ تقریب کے دوران کمانڈر شہزاد سیف نے طلباء کو پاک بحریہ میں بطور آفیسر شمولیت اختیار کرنے کے مختلف شعبوں، طریقہ کار اور سنہری مواقع کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے وطن عزیز کے دفاع میں پاک بحریہ کے کلیدی کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے نوجوانوں کو ملک کی سمندری سرحدوں کی حفاظت اور روشن مستقبل کے لیے پاک بحریہ کا حصہ بننے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر کالج کے پرنسپل پروفیسر محمد عباس نے بھی طلباء سے خطاب کیا اور پاک بحریہ کے افسران کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کالج کے طلباء ملک و قوم کی ترقی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

شیر گڑھ کا نواحی گاؤں 20 ڈی مسائلستان بن گیا، گندگی کے ڈھیر، ٹوٹے نالے اور گلیوں میں کھڑا گندا پانی شہریوں کے لیے وبالِ جان بن گیا

شیر گڑھ (نامہ نگار) شیر گڑھ کا نواحی گاؤں 20 ڈی بنیادی سہولیات کے فقدان کے باعث مسائلستان بن گیا، گورنمنٹ پرائمری سکول سمیت گاؤں کی بیشتر گلیوں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جبکہ نالوں کی صفائی نہ ہونے اور متعدد مقامات پر نالوں کی پلیاں ٹوٹنے کے باعث گندا اور بدبودار پانی گلیوں میں کھڑا رہتا ہے، جس سے اہل علاقہ کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ گلیوں میں جمع گندے پانی اور کوڑے کے باعث تعفن پھیل رہا ہے جبکہ مچھروں اور دیگر حشرات کی افزائش میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، جس سے شہریوں خصوصاً بچوں اور بزرگوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ اہل علاقہ نے متعلقہ بلدیاتی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گاؤں میں فوری طور پر صفائی ستھرائی کا انتظام کیا جائے، نالوں کی صفائی اور مرمت کرائی جائے، ٹوٹی ہوئی پلیاں تعمیر کی جائیں اور گلیوں میں کھڑے گندے پانی کی نکاسی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

آج سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا مقام ملکی سطح پر نمایاں ہے، ستارہ امتیاز ریاض الدین شیخ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اتحاد فاؤنڈرز گروپ کے قائد ستارہ امتیاز ریاض الدین شیخ نے کہا ہے کہ آج سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا مقام ملکی سطح پر نمایاں ہے تو اس کے پیچھے ہمارے گروپ کی باہمی یونٹی، اتحاد اور اجتماعی جدوجہد ہے، یہ کامیابی کسی ایک فرد کی نہیں بلکہ آپ سب کی یونٹی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر و صنعتکار برادری اسی اتحاد اور باہمی اعتماد کو برقرار رکھتے ہوئے سیالکوٹ کی صنعتی و تجارتی ترقی کا سفر جاری رکھے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، سیالکوٹ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری، سرجیکل ایسوسی ایشن سیالکوٹ، پاکستان سپورٹس گڈز، گلوز، پلگمیا اور ہوزری ایسوسی ایشنز سمیت مختلف تجارتی و صنعتی تنظیموں کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں دیے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ریاض الدین شیخ نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مختلف تجارتی تنظیموں میں نئی قیادت کا انتخاب کاروباری برادری کے لیے ایک اہم مرحلہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب عہدیداران صنعتکاروں اور تاجروں کے مسائل کے حل، برآمدات میں اضافے اور سیالکوٹ کی صنعتی شناخت کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر اتحاد فاؤنڈرز گروپ کے ڈپٹی گروپ لیڈر ڈاکٹر محمد اسلم ڈار، ماجد رضا بھٹہ، ڈاکٹر نعمان ادریس بٹ، خواجہ مسعود اختر، خاور حسین سیال، اسد نصیر ملک، جہانگیر چوہدری، میاں محمد سرور، میاں محمد عباس، چوہدری مجید، انس براس، مراد ارشد، اکرام الحق، وقاص اکرم اعوان، عنصر عزیز پوری، محمد علی احسان الحق، عطا اللہ، میاں محمد نواز عابد خواجہ، ڈاکٹر مریم نعمان، نادیہ قیصر، مسز گلزیب وقاص، روبینہ اعجاز، حافظ جنید شاہد، وہب جہانگیر، محمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے پسرور کے دورے کے دوران تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چونڈہ اور مریم نواز ہسپتال کلاسوالہ کا معائنہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے پسرور کے دورے کے دوران تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چونڈہ اور مریم نواز ہسپتال کلاسوالہ کا معائنہ

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں انکشاف

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں ڈی جی حج کی تبدیلی، حج پالیسی، میڈیا نمائندوں کو حج پر بھجوانے اور زیارات پالیسی سے متعلق اہم سوالات اٹھائے گ ء ہیں۔ کمیٹی نے ڈی جی حج سے ویڈیو لنک کے ذریعے بریفنگ لینے سے انکار کرتے ہوئے ان کی تبدیلی کا معاملہ دوبارہ اٹھا دیا۔ ذیلی کمیٹی کا اجلاس کنوینئر اعجاز الحق کی زیر صدارت ہوا، جس میں کمیٹی ارکان نعیمہ کشور، شگفتہ جمانی اور احمد سلیم صدیقی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری مذہبی امور ابرار مرزا سمیت وزارت کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جبکہ کمیٹی کو حج پالیسی 2027 سے 2030 تک کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران ڈی جی حج کا معاملہ ایک مرتبہ پھر زیر بحث آیا۔ کمیٹی ارکان نے سوال اٹھایا کہ ڈی جی حج کو اب تک کیوں نہیں ہٹایا جا رہا؟ اس موقع پر کمیٹی نے ڈی جی حج سے ویڈیو لنک کے ذریعے بریفنگ لینے سے بھی انکار کر دیا۔ سیکرٹری مذہبی امور نے کمیٹی کو بتایا کہ نئے ڈی جی حج کی تعیناتی کا معاملہ زیر غور ہے، تاہم کسی شخصیت کے تبدیل ہونے سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اجلاس میں حج کے دوران مختلف افراد کو نوازنے کے معاملے پر بھی سوالات اٹھائے گئے۔ کمیٹی رکن شگفتہ جمانی نے استفسار کیا کہ بتایا جائے حج میں لوگوں کو کس طرح نوازا جاتا ہے؟ سیکرٹری مذہبی امور نے جواب دیا کہ کسی کو نہیں نوازا جاتا، تاہم اگر اس حوالے سے کوئی اطلاعات موجود ہیں تو وزارت کو آگاہ کیا جائے، متعلقہ معاملے پر کارروائی کی جائے گی۔ شگفتہ جمانی نے تجویز دی کہ میڈیا سے تعلق رکھنے والے افراد کو حج پر لے جایا جائے تاکہ وہ خود دیکھ سکیں کہ وزارت مذہبی امور کی کارکردگی کیسی ہے۔ اس پر سیکرٹری مذہبی امور نے بتایا کہ وزارت اطلاعات کے ذریعے 5 میڈیا پرسنز کو حج پر بھجوایا جاتا ہے۔ شگفتہ جمانی نے اس اطلاع پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات پہلی مرتبہ سامنے آئی ہے۔ مذہبی امور کی کوریج کرنے والے صحافی ہی وزارت کی کارکردگی اور حج انتظامات سے متعلق اصل حقائق سامنے لا سکتے ہیں۔ سیکرٹری مذہبی امور نے یقین دہانی کرائی کہ کمیٹی کو اس حوالے سے مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں گی، جن میں یہ بھی بتایا جائے گا کہ کون سا میڈیا نمائندہ کب حج پر گیا۔ کنوینئر کمیٹی اعجاز الحق نے کہا کہ بعض میڈیا پرسنز 5 مرتبہ سے بھی زیادہ حج پر جا چکے ہیں۔ انہوں نے اس صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہاں بھی جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا معاملہ چل رہا ہے۔ اجلاس میں سابق صدر جنرل ضیا الحق کے دور میں کم آمدن والے افراد کے لیے قائم کیے گئے حج فنڈ کا معاملہ بھی اٹھایا گیا۔ کمیٹی نے وزارت مذہبی امور کو ہدایت کی کہ اس فنڈ سے متعلق تمام تفصیلات فراہم کی جائیں۔ بعد ازاں اجلاس میں زیارات پالیسی پر بھی تفصیلی بحث ہوئی۔ شگفتہ جمانی نے حج پالیسی کی تیاری کے طریقہ کار پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ آج تک یہ سمجھ نہیں آیا کہ حج پالیسی کس طرح بنائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حج پالیسی کو زیارات پالیسی میں کاپی پیسٹ کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر کمیٹی کے ایک رکن نے نشاندہی کی کہ حج اور زیارات دو الگ الگ معاملات ہیں، اس لیے دونوں کو ایک ہی انداز میں نہیں دیکھا جا سکتا۔ سیکرٹری مذہبی امور ابرار مرزا نے کمیٹی کو بتایا کہ عمرہ اور زیارات کے لیے بیرون ملک جانے والے افراد میں سے 15 سے 20 فیصد واپس نہیں آتے۔ یہ مسئلہ میزبان ممالک ایران، عراق اور سعودی عرب کو درپیش ہے۔ ایسے افراد ان ممالک سے ترکیہ اور یورپ جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ زیارات پالیسی سے متعلق بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس حوالے سے صوبوں کے ساتھ مشاورت جاری ہے تاکہ متعلقہ معاملات کو بہتر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ سیکرٹری مذہبی امور نے بتایا کہ آیا ٹا لائسنس صوبائی سطح پر جاری کیے جاتے ہیں۔ صوبوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ پہلے وزارت مذہبی امور کے لائسنس کا انتظار کریں۔ اجلاس میں کنوینئر اعجاز الحق نے استفسار کیا کہ کیا زیارات کے معاملات دیکھنے کے لیے بغداد میں کوئی خصوصی قونصلیٹ موجود ہے؟ جس پر سیکرٹری مذہبی امور نے جواب دیا کہ بغداد میں سفارتخانہ تو موجود ہے، تاہم اس حوالے سے کوئی دوسرا خصوصی انتظام نہیں کیا گیا۔ شگفتہ جمانی نے زیارات کے انتظامات میں سالاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سالار بہترین کام کر رہے ہیں، تاہم زیارات پالیسی پر کمیٹی کو ایک مفصل بریفنگ دی جانی چاہیے۔ اجلاس کے اختتام پر اعجاز الحق نے کہا کہ زیارات پالیسی کے معاملے پر جلد الگ بریفنگ لی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وہ خود بھی آئندہ چند روز میں پہلی مرتبہ بغداد جائیں گے۔

ظفریات

facebook / zafar iqbal zafar raiwind
ظفر اقبال ظفر
zafariqbalzafarculimnist@gmail.com

پریشانیوں کے زخموں پر وقت کا مرہم!

پریشانی نے میری زندگی کے کئی برس نگل لیے، جو قیمتی اور باآور برس ہوتے ہیں، اب محسوس ہوتا ہے کہ وہ کسی دوسرے کی وجہ سے نہیں بلکہ میری اپنی حماقت سے ضائع ہوئے۔

ہر چیز کے متعلق پریشان رہنے والا، اپنے کام، صحت، خاندان، اور اپنے احساس کمتری کے متعلق اس قدر خوفزدہ رہا ہوں کہ جان پہچان کے لوگوں سے پہلو بچاتا اور سامنے آنے والوں کو نہ دیکھنے کا بہانہ بنا کر رستہ کاٹ جاتا، کیونکہ میں بے رُخی کے برتاؤ کے اظہار سے ڈرتا تھا، اجنبیوں سے ملتے وقت گھبراتا تھا، لوگوں میں انفرادی و اجتماعی طور پر جگہ نہیں بنا پاتا تھا، اپنے خیال کے مطابق نہیں کر پاتا تھا اور پھر قوت خود اعتمادی پر غالب اس کیفیت سے آزادی نئی زندگی کی شروعات بنی اور زندگی کاٹنا زندگی جینے میں بدل گیا۔

ایک ایسا شخص ملا جو مجھ سے زیادہ مشکلات و مصائب میں گرفتار تھا لیکن اس کی پیشانی پر زرا بھی بل نہیں تھا، میں نے اس جیسے مسرور، خوش باش، انسان کم ہی دیکھے ہوں گئے، اس نے خوب پیسا کمایا تھا جو ضائع ہو گیا اک مدت کے بعد اس کی قسمت کا ستارہ پھر چمکا اور اس کے وارے نیارے ہو گئے لیکن وہ پھر برے دنوں میں مبتلا ہو گیا، دیوالیہ نکلنے کے بعد اس کے دشمن، قرض خواہ ہر وقت کتوں کی طرح اس کے پیچھے پھرنے لگے۔ اتنی مشکلات کسی کمزور دل انسان کو پیش آتیں تو وہ ہمت ہار دیتا اور گھبرا کر خودکشی پر آمادہ ہو جاتا مگر اس شخص پر مشکلات ایسے گزر رہی تھیں جیسے بطخ کے سر سے پانی۔

اس کو دیکھ میں خدا سے دُعا مانگ رہا تھا کہ اے خدایا تو مجھے بھی ایسا ہی بنا دے۔ ہماری گفتگو کے دوران اس نے ایک خط میری طرف بڑھاتے ہوئے کہا اسے پڑھیے۔ یہ خط غصے اور تلخی سے بھرا ہوا تھا اس میں بے شمار پیچیدہ اور اُلجھے ہوئے سوال اُٹھائے گئے تھے جو مجھے ملتا تو میں ضرور چکر میں پڑ جاتا کہ کیا کروں کیا نہ کروں۔ میں نے اس سے پوچھا آپ اس کا کیا جواب دیں گے؟ اس نے کہا اچھا سنو، تمہیں ایک چھوٹے سے راز کی خبر دیتا ہوں، اگلی دفعہ جب تمہیں کوئی بات پیش آئے جو فی الواقع پریشان کن ہو، ایک پنسل اور کاغذ کا پرزہ لے کر بیٹھ جاؤ اور پوری تفصیل لکھو کہ تم پریشان کیوں ہو۔ پھر اس کاغذ کے پرزے کو اپنی میز کی داہنی دراز میں رکھ دو۔ دو ہفتوں بعد اس کاغذ کے پرزے کو نکال کر دیکھنا یہ بالکل محفوظ ہو گا اس کا کچھ نہیں بگڑے گا، لیکن اس عرصے کے دوران میں جو مسئلہ تمہیں پریشان کر رہا ہے اس کے ساتھ بہت کچھ گزر سکتی ہے میں نے اکثر یہی دیکھا ہے کہ اگر زرا بھی صبر و تحمل سے کام لوں تو جس پریشانی سے میں عاجز آ رہا ہوں، وہ کاغذی غبارے کی طرح خود بخود منہدم ہو جاتی ہے۔

ایک کاغذ کے پرزے پر آپ اپنی پریشانیاں لکھ دیں بلکہ جتنی بھی بڑی چھوٹی پریشانیاں لکھ سکتے ہیں لکھ لیں اور اسے کچھ ہفتوں کے لیے کہیں رکھ دیں جب نکال کر دیکھیں گے تو اس کاغذ کا کچھ بھی بگڑا نہیں ہو گا، اور ہم تقدیر میں لکھے کچھ مسائل میں مبتلا ہوتے ہیں تو پورا بندہ اس کے حوالے کر کے زندگی کی توہین کرتے ہیں، ہم جی رہے ہیں تو کئی ہمارے ہماری وجہ سے بھی جی رہے ہیں ان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ کی وجہ بھی تم ہو آنسو پونچھنے والا رومال بھی تمہارا ہی ہاتھ ہے۔ مجھے مسائل و پریشانی سے تحریر کاغذ کے ایک پرزے نے سمجھایا کہ اگر تم اسے ریز نہیں کر سکتے تو ثابت قدم رہو یہ وقت کی دھول تلے آ کر اپنی پہچان سے محروم ہو جائیں گئے، پھر یہ کبھی یاد کرنے پہ یاد تو آئیں گے مگر ہر وقت تلخ یاد بن کر دماغ پر مسلط نہیں رہیں گے۔ میں اس چھوٹی سی متاثر کن نصیحت کو آپ کی عدالت شعور میں پیش کر رہا ہوں کیا پتا آپ کو سوچ کا سلیقہ مل جائے جو پریشانیوں کے اثرات کم یا ختم کر کے حل پر حکمت عملی تشکیل دینے میں مدد کرئے اور آپ ناخوشگوار حالات پر قابو پا لیں۔ وقت اُن بے شمار مسئلوں کا حل ہے جن کے متعلق آپ آج پریشان ہیں۔

صدائے سحر

محمد فرخ حنیف
farrukh_1990@yahoo.com

شکریہ! آپ کی ضرورت نہیں رہی

کسی دفتر، فیکٹری یا ادارے میں جب میٹنگ کے بعد یہ فیصلہ سنایا جاتا ہے کہ ادارہ ''ڈاؤن سائزنگ'' کر رہا ہے اور کچھ ملازمین کی خدمات مزید درکار نہیں رہیں، تو شاید میٹنگ روم میں یہ صرف چند ناموں کی فہرست ہوتی ہے۔ ایک کاغذ پر چند دستخط ہوتے ہیں، کمپیوٹر میں چند ملازمین کے اکاؤنٹ بند ہوتے ہیں اور ادارے کے حساب کتاب میں چند لاکھ روپے کی بچت نکل آتی ہے۔ لیکن اس فیصلے کا اصل حساب کسی ایکسل شیٹ میں نہیں ہوتا۔ اس کا اصل حساب ان گھروں میں ہوتا ہے جہاں اس دن ایک باپ خاموشی سے اپنے بچوں کے چہرے دیکھتا ہے اور سوچتا ہے کہ اگلے مہینے فیس کیسے دینی ہے، راشن کہاں سے آئے گا، بجلی کا بل کیسے بھرے گا اور کرائے کی تاریخ آنے پر مالک مکان کو کیا جواب دے گا۔ ڈاؤن سائزنگ ایک خوبصورت سا کارپوریٹ لفظ ہے، مگر اس لفظ کے پیچھے اکثر ایک خاندان کی بدترین آزمائش چھپی ہوتی ہے۔ جس شخص نے پانچ، دس، پندرہ یا بیس سال کسی ادارے کو دیے ہوں، اس کے لیے ملازمت صرف ہر ماہ ملنے والی تنخواہ نہیں ہوتی۔ وہ اس کی شناخت ہوتی ہے، اس کے بچوں کی تعلیم ہوتی ہے، اس کے گھر کا چولہا ہوتی ہے، اس کی بیماری میں دوا ہوتی ہے اور اس کے بڑھاپے کی امید ہوتی ہے۔ اچانک اسے بتایا جاتا ہے کہ ادارے کے اخراجات کم کرنے ہیں، اس لیے آپ کی ضرورت نہیں رہی۔ ادارہ شاید اپنے اخراجات کم کر لیتا ہے، مگر ایک گھر کے اخراجات کم نہیں ہوتے۔ بچے اسی طرح بھوکے ہوتے ہیں، اسکول کی فیس اسی طرح آتی ہے، مکان کا کرایہ اسی طرح دینا پڑتا ہے اور بجلی کا میٹر کسی بے روزگار باپ کی مجبوری نہیں سمجھتا۔

یہ مسئلہ اس لیے بھی زیادہ سنگین ہے کہ پاکستان پہلے ہی معاشی دباؤ کا شکار ہے۔ عالمی بینک کی اکتوبر 2026ء میں جاری کردہ تازہ ترین رپورٹ کے مطابق، مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان کے خطے میں انتہائی غربت میں زندگی گزارنے والے کل افراد کا 48 فیصد اکیلے پاکستان میں مقیم ہے۔ اس پر ستم یہ کہ صبح جاگنے سے لے کر رات سونے تک ہر ہر قدم پر جبری ٹیکسوں میں جکڑی عوام کو روزانہ کی بنیاد پر پٹرول کی قیمتوں میں خاموش معاشی زہر دیا جا رہا ہے۔ جبکہ اس کے برعکس حکومت کے نامعلوم اہلیت اور صفر کارکردگی کے حامل معاشی جادوگر صبح شام یہ لیکر پیٹتے نہیں تھکتے کہ ملک میں معاشی استحکام آ چکا ہے۔ ایسے ملک میں کسی شخص کو روزگار سے محروم کرنا محض ایک انتظامی فیصلہ نہیں۔ یہ اس خاندان کو غربت کی طرف دھکیلنے کا خطرہ ہے جو شاید بڑی مشکل سے اپنی زندگی کو سنبھالنے کی کوشش کر رہا ہو۔

ہمیں یہ سمجھنا ہو گا کہ ملازمت پیشہ آدمی کی سب سے بڑی دولت اس کا روزگار ہوتا ہے۔ اس کے پاس زمین نہیں، بڑی جائیداد نہیں، بینک میں کروڑوں روپے نہیں، سرمایہ کاری کے متعدد ذرائع نہیں۔ اس کے پاس صرف اس کے ہاتھ ہیں، اس کی مہارت ہے اور اس کی محنت ہے۔ وہ صبح گھر سے نکلتا ہے تو اپنے بچوں کے لیے روٹی کمانے نکلتا ہے۔ وہ فیکٹری میں مشین چلاتا ہے، دفتر میں فائلیں بناتا ہے، سڑک پر گاڑی چلاتا ہے، دکان میں گاہک سنبھالتا ہے یا کسی ادارے میں کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر اپنا حصہ ڈالتا ہے۔ ادارہ کامیاب ہوتا ہے تو اس میں اس مزدور اور ملازم کا پسینہ بھی شامل ہوتا ہے۔ لیکن المیہ یہ ہے کہ منافع کے دنوں میں ملازم کو ادارے کا ''اثاثہ'' کہا جاتا ہے اور مشکل وقت میں وہی ملازم ''اضافی بوجھ'' بن جاتا ہے۔

یہاں سوال یہ نہیں کہ کسی ادارے کو اپنے اخراجات کم کرنے کا حق ہے یا نہیں۔ یقیناً ہر کاروبار کو زندہ رہنے کے لیے اپنے فیصلے کرنے پڑتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہر معاشی مشکل کا پہلا اور آسان حل ملازم کو نکال دینا ہونا چاہیے؟ کیا انتظامیہ اپنے منافع، غیر ضروری اخراجات، مراعات اور انتظامی ڈھانچے کا جائزہ لینے کے بعد ہی نچلے درجے کے ملازم تک پہنچتی ہے؟ اور اگر کسی شخص کو واقعی نکالنا ناگزیر ہو تو کیا اسے مناسب نوٹس، واجبات، بقایا تنخواہ اور کچھ عرصے کے لیے معاشی سہارا نہیں ملنا چاہیے؟ جو کہ عموماً دیکھنے میں یہی آیا ہے کہ نہیں دیا جاتا۔ اکثر اداروں میں تو مہینہ تک پورا نہیں کرنے دیتے اور بس کہہ دیا جاتا ہے کہ کل سے نہ آنا۔ ایک شخص کی نوکری ختم ہوتی ہے تو صرف وہ بے روزگار نہیں ہوتا۔ اس کے ساتھ اس کا خاندان بھی معاشی غیر یقینی میں داخل ہو جاتا ہے۔ بچے اچھی خوراک سے محروم ہو سکتے ہیں، تعلیم متاثر ہو سکتی ہے، علاج موخر ہو سکتا ہے اور گھر میں ذہنی دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ بعض اوقات ایک ملازمت ختم ہونے کے بعد پورا خاندان کئی سال پیچھے چلا جاتا ہے۔

ورلڈ بینک نے بھی پاکستان کے لیے اپنی حالیہ رپورٹ میں پائیدار اور عوامی اصلاحات، کمزور خاندانوں کے تحفظ اور روزگار کے مواقع بہتر بنانے پر زور دیا ہے۔ ہمیں ترقی کا ایسا ماڈل چاہیے جس میں کمپنی بچانے کے لیے انسان نہ قربان ہو۔ اگر کسی ادارے کو مشکل وقت میں اپنے ملازمین کی تعداد کم کرنا ہی پڑے تو اس عمل میں انسانیت بھی شامل ہونی چاہیے۔ برسوں تک کسی ادارے کے لیے کام کرنے والے شخص کو ایک دن اچانک یہ محسوس نہیں ہونا چاہیے کہ وہ کبھی اس ادارے کا حصہ تھا ہی نہیں۔ ہمیں یہ سوال اپنے آپ سے کرنا ہو گا کہ اگر ایک باپ کی ملازمت ختم ہونے کے بعد اس کے بچے کی فیس رک جائے، گھر کا چولہا ٹھنڈا پڑ جائے اور وہ اپنے بچوں کی آنکھوں میں دیکھنے سے گھبرانے لگے تو کیا ہماری معاشی کامیابی واقعی کامیابی ہے؟ کاروبار کا مقصد منافع ضرور ہے، مگر معاشرہ صرف منافع سے نہیں چلتا۔ معاشرہ انسانوں سے چلتا ہے۔ فیکٹریاں مشینوں سے چل سکتی ہیں، مگر مشینیں نہ خواب دیکھتی ہیں، نہ بچوں کی فیس دیتی ہیں، نہ بیمار ماں کی دوا خریدتی ہیں۔ یہ کام انسان کرتے ہیں۔ اس لیے ڈاؤن سائزنگ کی ہر فائل پر دستخط کرنے سے پہلے صرف یہ نہیں سوچنا چاہیے کہ ادارے کا کتنا خرچ کم ہو گا۔ ایک لمحے کے لیے یہ بھی سوچنا چاہیے کہ اس دستخط کے بعد کتنے گھروں کا خرچ بڑھ جائے گا۔ کیونکہ کسی ملازم کو نوکری سے نکالنا شاید کمپنی کے لیے ایک عدد کم کرنا ہو، مگر ایک غریب گھر کے لیے پوری زندگی کا حساب بگاڑ دینا ہے۔

کالم نگار: شجر ڈیروی

ادب کا زوال، تاجرانہ ذہنیت کے خودساختہ ادبی ٹھیکیدار

ادب، جو کبھی تہذیب کی علامت، معاشرے کا آئینہ اور روح کی بالیدگی کا ذریعہ تھا، آج کچھ غیر ادبی تاجروں اور مفاد پرستوں کے ہاتھوں کھلونا بن چکا ہے۔ علم و ہنر کے ان خودساختہ ٹھیکیداروں نے ہمارے مقتدر اور مرحوم شعرا کرام کے ناموں پر دکانیں چمکا رکھی ہیں اور ادبی بزموں کا لبادہ اوڑھ کر ایک ایسا مکروہ دھندہ شروع کر رکھا ہے جس نے حقیقی تخلیق کاروں کے وقار کو خاک میں ملا دیا ہے۔ ہم بطور قلم کار اس ادبی سوداگری، فکری چوری، اخلاقی بلیک میلنگ اور مردہ فروشی کے خلاف کھلم کھلا اعلانِ جنگ کرتے ہیں، کیونکہ اب خاموش رہنا علم و ادب کے ساتھ غداری کے مترادف ہے۔ سوشل میڈیا، ڈیجیٹل ایپس اور این جی اوز کے اس دور میں، ان تاجروں نے چند مرحوم اساتذہ کے ناموں کو اپنا تجارتی برانڈ بنا لیا ہے اور ان کی پاکیزہ ارواح کے پیچھے چھپ کر ادب، میرٹ اور انسانیت کی تذلیل کر رہے ہیں۔

اس تاجرانہ اور بازاری ذہنیت کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوا ہے کہ ادب کا اصل سرمایہ، یعنی ہمارے باذوق اور سنجیدہ سامعین، مشاعروں سے بدظن ہو کر گھروں میں بیٹھ گئے ہیں۔ اب مشاعروں میں سامعین کا قحط ہے؛ حالات یہ ہیں کہ اسٹیج پر بیٹھے شاعر ہی ایک دوسرے کو سن رہے ہوتے ہیں اور کوئی حقیقی داد دینے والا نہیں ہوتا۔ ان خودساختہ ٹھیکیداروں نے مشاعروں کو ایک "سیاسی دنگل" بنا دیا ہے، جہاں شعری نزاکتوں کے بجائے غوغا آرائی ہوتی ہے، اور شعرا اسٹیج پر بیٹھ کر اپنی شاعری کے ذریعے ایک دوسرے کو نیچا دکھانے اور طعن و تشنیع کرنے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ اس غیر ادبی رویے نے مشاعرے کے روایتی تقدس اور تہذیب کو یکسر ملیامیٹ کر دیا ہے۔

اس ادبی تجارت کا سب سے بھیانک اور تاریک ترین پہلو وہ اخلاقی گراوٹ ہے جس کا شکار نوآموز و ابھرتی ہوئی خواتین لکھاریوں اور سادہ لوح، متوسط لیکن باصلاحیت نوجوانوں کو بنایا جاتا ہے۔ مشاعرے کا اسٹیج دینے، بڑے شہروں کے اسفار کروانے، اخبارات میں کلام چھپوانے یا اصلاحِ سخن کا جھانسا دے کر ان نام نہاد بزموں کے عہدیداروں کی طرف سے اخلاق باختہ اور ناجائز مطالبات کیے جاتے ہیں۔ جو صاحبِ کردار نوجوان یا خواتین ان کے گھناؤنے ارادوں کے آگے سرِ تسلیم خم نہیں کرتے، ان کے لیے ادبی دنیا کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں۔ ان کی شرافت، غربت اور فن کے شوق کا سرِ عام سودا کیا جاتا ہے، جو کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔

مشاعرے کی صدارت یا مہمانِ خصوصی کی مسند، جو کبھی کسی بزرگ اور صاحبِ طرز تخلیق کار کا استحقاق ہوتی تھی، اب ان تاجروں کے ہاں سب سے اونچی بولی لگانے والے کے نام کر دی جاتی ہے۔ جن لوگوں کو شعر کا شعور اور بحر کا وزن تک معلوم نہیں ہوتا، وہ محض اپنی جیب گرم کر کے اسٹیج کی زینت بنتے ہیں اور صدارتی خطبے دیتے ہیں۔ بھاری رقوم کے عوض "شامِ پذیرائی" منعقد کی جاتی ہیں، اور نااہل لوگوں کی کتابوں کی ایسی پرشکوہ رونمائی کی جاتی ہے کہ اصل باصلاحیت اور غیور شاعر ہال کے آخری کونے میں بیٹھ کر خون کے آنسو روتا ہے۔ انہوں نے فرضی اکیڈمیوں کے نام پر "ادبی ایوارڈز" کا ایک پورا نیٹ ورک قائم کر رکھا ہے۔ یہ تمغے اب قابلیت پر نہیں، بلکہ اس تعیش پسندانہ فارمولے پر دیے جاتے ہیں کہ کون سا شاعر ان کی بزم کو کتنا فنڈ دیتا ہے یا مہنگے ہوٹلوں میں ان کے قیام و طعام کا بندوبست کرتا ہے۔

ان مشاعروں اور ادبی بزموں کا مقصد اب ادب کی ترویج نہیں، بلکہ سیاسی اثر و رسوخ قائم کرنا اور اشرافیہ کی چاپلوسی کرنا ہے۔ ایسے سیاستدانوں اور بیوروکریٹس کو مسند پر بٹھایا جاتا ہے جن کا ادب سے دور دور کا واسطہ نہیں ہوتا تاکہ ان سے ذاتی پلاٹ، سرکاری گرانٹس یا نوکریوں کی صورت میں فائدے سمیٹے جا سکیں۔ ان کی ڈھٹائی کی انتہا یہ ہے کہ یہ مرحوم شعرا کی کتب یا ان کے کسمپرسی میں مبتلا پسماندگان کے نام پر "ادبی کٹورا" اٹھا کر دنیا بھر سے بھیک مانگتے ہیں۔ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں سے لاکھوں روپے کا فنڈ جمع کیا جاتا ہے، جس کا بڑا حصہ ان کی اپنی عیاشیوں کی نذر ہو جاتا ہے، اور مرحوم کے نام پر صرف ایک سستی تقریب کر کے فائل بند کر دی جاتی ہے۔ یہ مردہ فروشی کا بدترین مظاہرہ ہے۔ حتیٰ کہ سیلاب یا زلزلے جیسی ناگہانی آفات میں بھی "دکھی انسانیت کے نام پر عالمی مشاعرے" کروا کر تارکینِ وطن سے اکٹھا کیا گیا فنڈ ان کی اپنی این جی اوز کی زینت بن جاتا ہے۔ یہ لابی ساز سرکاری اداروں تک رسائی حاصل کر کے غریب لکھاریوں کا حق مارتے ہیں، جس کی وجہ سے ملک کا حقیقی اور سفید پوش ادیب دوائی کے ایک ایک روپے کے لیے سسک سسک کر مر جاتا ہے۔

مسائل کا حل اور ہماری تجاویز:

اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے سب سے پہلے سرکاری اداروں، بالخصوص اکادمی ادبیات اور صوبائی محکمہ ثقافت کو بیدار ہونا پڑے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ ایسی تمام نام نہاد ادبی این جی اوز اور بزموں کے آڈٹ کا ایک سخت نظام بنائے جو سیلاب زدگان، فلاحی کاموں یا مرحومین کے نام پر اندرون و بیرونِ ملک سے فنڈز جمع کرتی ہیں۔ سرکاری وظائف اور گرانٹس کی تقسیم کے لیے ایک آزاد اور شفاف مانیٹرنگ کمیٹی بنائی جائے تاکہ حقدار ادیبوں تک ان کا حق پہنچ سکے۔ اس کے ساتھ ہی، شہر کی تمام فعال، غیور اور نظریاتی ادبی تنظیموں کو فوری طور پر ایک میز پر بیٹھ کر ایک "مشترکہ ادبی ضابطہ اخلاق" (Joint Conduct of Code Literary) منظور کرنا ہو گا۔ اس اعلامیے کے تحت یہ عہد کیا جائے کہ اخلاقی یا معاشی استحصال کرنے والے، اور پیسوں کے عوض اسٹیج و ایوارڈز بیچنے والے عناصر کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے گا۔ جب تک ادبی تنظیمیں متحد ہو کر ان کالی بھیڑوں کو سرِ عام ننگا نہیں کریں گی، تب تک ادب کی پاکیزگی اور نئی نسل کا مستقبل محفوظ نہیں ہو سکتا۔ کالم کے پسِ منظر میں میرا یہ شعر صورتحال کا اصل مرثیہ ہے:

بقا کا نام تو بس اک بہانہ ہے شجر ورنہ
ادب کی اوٹ میں کیا کیا نہیں ہوتا زمانے میں

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

GUJRANWALA

افسران جدید طرز حکمرانی، نظم و نسق عوام دوست انتظامیہ کے اصول اپنائیں کمشنر

کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے کامن ٹریننگ پروگرام (CTP) 54 کے پروبیشنری افسران کے ملٹری انجمنٹ پروگرام کے تحت گوجرانوالہ کا دورہ کرنے والے وفد سے خطاب کیا

افسران کی عملی تربیت انہیں انتظامی معاملات کو بہتر انداز میں سمجھنے، مختلف اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ قائم کرنے اور عوامی مسائل کے بروقت حل میں معاون ثابت ہوتی ہے، محمد علی

بزنس گروپ کے اعزاز میں محمد الیاس بٹ کی طرف سے دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر صدر غلام حسین جج عامر رحمٰن الیاس بٹ ارشد مغل فرخ اعجاز عبدالقیوم بھٹی خطاب کر رہے ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے کامن ٹریننگ پروگرام 54 (CTP) کے پروبیشنری افسران کے ملٹری انجمنٹ پروگرام کے تحت گوجرانوالہ کا دورہ کرنے والے وفد سے خطاب کیا۔ لیفٹیننٹ کرنل سید سعد حسین کی زیر قیادت وفد نے کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں اجلاس میں شرکت کی۔ کمشنر محمد علی نیز زیر تربیت افسران کو ڈویژن کیا نظامی امور، ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات، گورننس، ریونیو نظام اور ضلعی انتظامیہ کے کردار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ سول سروس میں پیشہ ورانہ قابلیت، میرٹ، شفافیت، قانون کی بالادستی اور عوامی خدمت بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ کمشنر محمد علی نے کہا کہ افسران کی عملی تربیت انہیں انتظامی معاملات کو بہتر انداز میں سمجھنے، مختلف اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ قائم کرنے اور عوامی مسائل کے بروقت حل میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نیز زور دیا کہ افسران جدید طرز حکمرانی، ادارہ جاتی نظم و نسق اور عوام دوست انتظامیہ کے اصولوں کو اپنی عملی ذمہ داریوں کا حصہ بنائیں۔ اجلاس کے دوران پروبیشنری افسران نے گوجرانوالہ ڈویژن کے انتظامی ڈھانچے، ترقیاتی حکمت عملی اور عوامی خدمت کے مختلف شعبوں سے متعلق سوالات بھی کیے، جن کے کمشنر محمد علی نے تفصیلی جوابات دیے۔ وفد کے سربراہ لیفٹیننٹ کرنل سید سعد حسین نے کمشنر محمد علی کا قیمتی وقت دینے اور گوجرانوالہ ڈویژن کے انتظامی و عوامی خدمت کے امور سے آگاہ کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ ملاقات کے اختتام پر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔

ملاوٹ مافیا کیخلاف ضلعی انتظامیہ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن جاری

21 کو 3 لاکھ 36 ہزار روپے جرمانہ، عائد

3 فوڈ پوائنٹس کیخلاف ایمرجنسی پروہیبیشن آرڈر جاری، گندگی مضر صحت اشیا تلف کر دی گئیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ فہد اعجاز بٹ اور ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی عظمیٰ شہزادی کی نگرانی میں ملاوٹ مافیا، ناقص اور غیر معیاری اشیائے خورونوش کیخلاف ضلعی انتظامیہ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری ہیں۔ مختلف علاقوں میں 135 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کے دوران حفظان صحت کے اصولوں اور فوڈ سیفٹی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 21 فوڈ پوائنٹس کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 36 ہزار روپیہ جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 3 فوڈ پوائنٹس کیخلاف ایمرجنسی پروہیبیشن آرڈر جاری کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران بیکرز، ہوٹلز، مٹھائی کی دکانوں، نان شاپس، تکہ شاپس، پیزا پوائنٹس اور کریانہ اسٹورز کا معائنہ کیا گیا۔ مختلف مقامات سے مضر صحت و زائد المیعاد اشیا اور گندگی تلف کیا گیا جبکہ مزید تجزیے کے لیے 3 نمونے حاصل کیے گئے۔ حفظان صحت کے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر مختلف فوڈ پوائنٹس کو 5 ہزار سے 30 ہزار روپے تک جرمانے بھی عائد کیے گئے۔

صنعتی یون

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب حلقہ چک نمبر 147 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اعظم ولد دولت علی چک نمبر 147 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں دولت علی والد، فاطمہ بی بی والدہ، محمد شہباز پسر (کنوارہ) پہلے فوت شدگان، امیراں بی بی بیوہ، شیر نواب، محمد آفتاب، امتیاز پسران، ہمیرا بی بی دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatti

بعدالت جناب طالب حسین صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد یامین ولد فیض احمد سکنہ موضع جنڈ والہ تحصیل و ضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری ہے کہ میرے پسر حقیقی عبدالقدیر تاریخ پیدائش 06-8-2019 کا اندراج پیدائش لاعلمی کی بنا پر متعلقہ یونین کونسل میں نہ ہو سکا ہے اور نہ ہی درخواستی یا درخواستی کے کسی دیگر رشتہ دار نے قبل ازیں پاکستان کی کسی دیگر یونین کونسل یا کسی لوکل گورنمنٹ میں اندراج کروایا ہے۔ درخواستی اب پہلی دفعہ اندراج کروانا چاہتا ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر معیاد دس یوم دفتر مجاز عدالت ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گونمنٹ بہاولنگر/ متعلقہ یونین کونسل ہمراہ ثبوت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میعاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گونمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب زرقا ارشاد صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

محمد اکرم ولد محمد یعقوب بنام محمد امین وغیرہ

مرمعہ دعویٰ تعمیل مختص وغیرہ

اشتہار بنام محمد امین ولد غلام محمد متوفی بذریعہ شرعی وارثان، ہارون امین پسر، سعدیہ امین دختر، مسرت امین بیوہ محمد امین، عدنان امین ولد محمد امین اقوام آرائیں ساکنان گلی نمبر 1 محلہ علامہ اقبال ٹاؤن گوجرانوالہ کینٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 06-نومبر-2026 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

نوٹس برائے عوام الناس

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہم (8) پاٹنرز (صادق مسیح ولد عمانوائیل مسیح، ساجد مسیح ولد اکرم مسیح، شگفتہ بی بی زوجہ صادق مسیح، کالب ولد صادق مسیح، نجم مسیح ولد جیمس مسیح، رحمت مسیح ولد سرور مسیح، مہول ولد یونس مسیح، شہناز بی بی زوجہ نجم مسیح) مل کر (Ministries Qudase Nava) کے نام سے ایک فرم رجسٹرار آف فرمز فیصل آباد میں رجسٹرڈ کروا رہے ہیں اگر کسی کو اس فرم کے نام سے کوئی بھی اعتراض ہو تو وہ رجسٹرار آف فرمز آفس فیصل آباد سے رابطہ کریں

المشتہر: صادق مسیح ولد عمانوائیل مسیح، ساجد مسیح ولد اکرم مسیح، شگفتہ بی بی زوجہ صادق مسیح، کالب ولد صادق مسیح، نجم مسیح ولد جیمس مسیح، رحمت مسیح ولد سرور مسیح، مہول ولد یونس مسیح، شہناز بی بی زوجہ نجم مسیح

NavaeQudasMinistries

Cr..FSD

بعدالت جناب نذیر احمد صاحب سول جج درجہ اول کورٹ تحصیل رینالہ خورد

دعوی استقرار حق معہ حکم تاکیدی عنوان رحمان علی بنام ایڈمنسٹریٹر تحصیل رینالہ خورد وغیرہ اشتہار بنام ایڈمنسٹریٹر تحصیل رینالہ خورد بذریعہ سیکرٹری یونین کونسل نمبر 72 چک نمبر 23 ٹو ایل تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ۔ عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 26-10-10 بوقت آٹھ بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Sarwar

بعدالت جناب محترمہ نبزایاسین فیملی وسول جج کاموکی ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع

مدعیہ۔ آمنہ وارث دختر محمد وارث قوم کھوکھر ساکن گلی مسجد نور مدینہ والی محلہ فیصل ٹاؤن کاموکے ضلع گوجرانوالہ

بنام۔ ارسلان ولد محمد لطیف قوم انصاری ساکن حافظ آباد روڈ باغبانپورہ سٹریٹ نمبر 7 محلہ محبوب حق گوجرانوالہ

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 21/10/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

بعدالت جناب عنایت علی کاشف صاحب نائب تحصیلدار بااختیارات/AC-I اپسرور

میں 153 ویں آئی پی یو اسمبلی کے موقع پر ظہرانے میں شرکت کی۔ ظہرانے کے دوران چیئرمین سینیٹ نے بین الپارلیمانی یونین (آئی پی یو) کی صدر محترمہ ڈاکٹر تولیا ایکسن سے ملاقات کی۔ چیئرمین سینیٹ نے محترمہ ڈاکٹر تولیا ایکسن کو آئی پی یو کی صدر کی حیثیت سے ان کے تاریخی دورِ صدارت (2026-2023) کی کامیاب تکمیل پر دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے آئی پی یو کو دنیا بھر کی پارلیمانوں کی ایک زیادہ جامع، نمائندہ اور مؤثر عالمی تنظیم بنانے کے لیے ڈاکٹر تولیا ایکسن کی متحرک قیادت، وژن اور انتھک کاوشوں کو سراہا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آپ کی قابل اور متاثر کن قیادت میں آئی پی یو امن، مکالمے اور پارلیمانی سفارت کاری کے لیے ایک مزید مضبوط پلیٹ فارم بن کر ابھری ہے۔ آئی پی یو کی پہلی افریقی خاتون صدر کی حیثیت سے آپ دنیا بھر، بالخصوص گلوبل ساؤتھ کی خواتین پارلیمنٹیرینز کے لیے ایک قابلِ تقلید مثال اور تحریک کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اور محترمہ تولیا ایکسن نے ان کے دورِ صدارت میں قریبی تعاون کے ساتھ کام کیا ہے اور آئندہ بھی ہم پارلیمانی تعاون کے فروغ اور آئی پی یو کے کردار کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ طور پر کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ	سحر	6

عمل درآمد میں اداروں کی مشترکہ کوششوں نے کلیدی کردار ادا کیا۔ وزیراعظم کے مطابق وزارتوں کی ڈیجیٹائزیشن بدعنوانی اور ادارہ جاتی بدنظمی کی روک تھام میں معاون ہے۔ انہوں نے قومی سطح پر یکساں طبی ریکارڈ مرتب کرنے کیلیے وزارتِ صحت کے اقدامات کو سراہا اور معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کیو آر کوڈ کے نفاذ کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔

بقیہ	سحر	7

یوسف شریف زودہ نے اسلام آباد میں وزیرِ دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران دوطرفہ تعلقات، بالخصوص دفاع اور ہوا بازی کے شعبوں میں تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرِ دفاع نے تینوں ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کی خواہش کا اعادہ کیا۔

بقیہ	سحر	8

اجلاس کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں جس میں تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، فوڈ سکیورٹی، تیل، گیس، معدنیات، بحری امور، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صحت، تعلیم اور افرادی قوت میں باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے لئے حکومتی سطح پر مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ جمعرات کو ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے پاکستان - بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی روداد پر مشتمل پروٹوکول پر دستخط کئے جس میں تجارت و سرمایہ کاری، زراعت اور غذائی تحفظ، تیل، گیس اور معدنیات، بحری امور، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن، صحت، تعلیم اور محنت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون پر اتفاق کیا گیا ہے۔ دونوں فریقوں نے باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے حوالے سے باقاعدہ مشاورت، رابطہ کاری اور تعاون کے لئے حکومتی سطح پر تجارت و سرمایہ کاری سے متعلق مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق کیا جو ایک ادارہ جاتی طریق کار کے طور پر کام کرے گا۔

بقیہ	سحر	9

مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے خلیج تعاون کونسل اور پاکستان کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے جبکہ نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے فلسطینی عوام اور ان کے ناقابل تنسیخ حقوق کے لیے اپنی اصولی حمایت کا اعادہ اور غیر قانونی بستیوں کی مسلسل توسیع اور القدس الشریف کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے

بقیہ	سحر	10

سے طویل سفری دورانیے اور اضافی مال برداری اخراجات کا سامنا کرنے والے برآمد کنندگان کو ریلیف ملے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق انہوں نے کہا کہ برآمد کنندگان کیلیے میڈیٹیرینین شپنگ کمپنی نے اپنی پریمیم آئی پاک سروس دوبارہ شروع کر دی ہے جس کے تحت کراچی سے یورپ کیلیے ہفتہ وار براہ راست شپنگ رابطہ فراہم کیا جائے گا۔ وزیر بحری امور کے مطابق ایم ایس سی کا جہاز کراچی گیٹ وے ٹرمینل انٹرنیشنل پر ہر ہفتے لنگر انداز ہوگا اور کولمبو کے راستے یورپ کی اہم بندرگاہوں فیلکس اسٹو، روٹرڈیم، ہیمبرگ، بریمر ہیون، اینٹورپ، لے ہاور اور لندن گیٹ وے سے منسلک ہوگا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ یورپ کیلیے مخصوص شپنگ سروس کی بحالی برآمدی صنعت، بالخصوص ٹیکسٹائل کے شعبے کیلیے اہم پیش رفت ہے، جو بین الاقوامی شپنگ روٹس میں رکاوٹوں کے باعث طویل ٹرانزٹ اوقات اور بڑھتے ہوئے لاجسٹکس اخراجات سے متاثر ہو رہا تھا۔

بقیہ	سحر	11

مذاکرات کے ذریعے ٹھوس نتائج کے حصول پر اتفاق کیا ہے۔ جمعرات کو وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں سیکرٹری تجارت جواد پال اور وزارت تجارت کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر صحت و حیاتیاتی علوم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت و لائیو سٹاک، مالیاتی خدمات، ہوا بازی اور معدنیات سے متعلق خدمات کے شعبوں میں تجارت و سرمایہ کاری کے تعاون کو وسعت دینے پر غور کیا گیا۔ برطانوی سفیر نے طویل مدتی، باہمی طور پر منفقہ شعبوں میں تعاون کے لیے ایک جامع فریم ورک فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ممکنہ شعبوں میں ریگولیٹری اصلاحات، تجارتی سہولت کاری، تعلیم و افرادی قوت کی مہارتوں میں بہتری اور سرمایہ کاری کے لیے مالی معاونت ہو سکے وفاقی وزیر جام کمال خان نے لائیوسٹاک کو تعاون کے اہم شعبے کے طور پر اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی لائیوسٹاک کے شعبے کو مضبوط بنانے، جانوروں کی پیداواری صلاحیت بہتر بنانے، ویلیو ایڈیشن اور گوشت کی برآمدات میں اضافے میں گہری دلچسپی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید لائیوسٹاک طریقوں کے فروغ اور مضبوط تجارتی روابط کے قیام میں برطانوی مہارت، ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ برطانوی ہائی کمشنر نے خوراک کے تحفظ اور ریگولیٹری تقاضوں کو شامل کرنے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ پاکستانی مصنوعات تیار کرنے والے برطانیہ اور دیگر بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کر سکیں

بقیہ	سحر	12

ہونے سے متعلق عالمی بینک کی رپورٹ کو گمراہ کن قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق ورلڈ بینک نے اپنی ایک تجزیاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا کہ مشرق وسطیٰ، شمالی افریقا، افغانستان اور پاکستان (میناے پی) خطے کے یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدن والے انتہائی غریب افراد میں پاکستان کا حصہ 48 فیصد ہے، جبکہ 2018-19 سے 2024-25 کے دوران ملک میں غربت کی شرح میں 6.4 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔

بقیہ	سحر	13

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے سینیٹ میں قائد حزبِ اختلاف علامہ ناصر عباس سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت کی۔ ذرائع نے کہا کہ دونوں اپوزیشن قائدین نے مذاکرات سے متعلق حکمت عملی پر بھی مشاورت کی۔ دوسری جانب چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے جمعیت علما اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے رابطے کی تردید کردی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرا مولانا فضل الرحمان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا اور نہ ہی ان سے ٹیلیفون پر کوئی گفتگو ہوئی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کوشش ہے کہ جمہوریت ڈی ریل نہ ہو، کسی بھی اقدام کیخلاف جواب دینے کیلیے پی ٹی آئی نیصف بندی کر رکھی ہے، لانگ مارچ سے قبل بھی نہیں کہا کے پی حکومت دہشت گردی کیخلاف اقدامات نہیں کر رہی۔ پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ دہشت گردی ہے تو اس کے خلاف ایکشن کریں، دہشت گردوں کیخلاف آپریشن کے لیے پالیسی ضرور ہونی چاہیے، تاکہ عوام ساتھ ہوں۔

بقیہ	سحر	14

چوتھے جائزے کے تحت ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت 21 کروڑ ڈالر ملیں گے، دونوں پروگراموں کے تحت مجموعی رقوم 5 ارب 70 کروڑ ڈالر ہو جائیں گی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق معاہدے کے بعد اب پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر مل جائیں گے

بقیہ	سحر	15

جماعتوں کو نمائندگی دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی کمیٹی میں دونوں ایوانوں میں جماعتوں کی عددی تعداد کے تناسب سے ارکان کو رکنیت دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی شرائط پر مبنی بلز سمیت مجموعی طور پر 30 مختلف بلز کی منظوری پر بھی اتفاق ہو گیا ہے۔

بقیہ	سحر	16

رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا کہ مولانا فضل الرحمان مذاکراتی ڈیڈلاک کے خاتمے اور تنازعات کو طے کرانے کیلیے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مصالحانہ کردار کے لیے پیش کی گئی شرائط سے بھی آگاہ کردیا گیا، وزیراعظم کو مولانا فضل الرحمان کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ٹیلی فونک رابطہ متوقع ہے۔ خیال رہے کہ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے گزشتہ روز اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی سربراہی میں ملاقات کیلیے آنیوالے حکومتی وفد کو خیبر پختونخوا میں گورنر راج نہ لگانے کا مشورہ دیا تھا

بقیہ	سحر	17

قیصر نے کہا کہ حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے مذاکرات ہوئے تھے جبکہ مولانا فضل الرحمان سے اے پی سی سے متعلق ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ایک روز قبل مولانا فضل الرحمان کی رہائشگاہ پر آخری ملاقات میں اے پی سی پر بات ہوئی تھی۔ اپوزیشن اتحاد کے ترجمان اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ آخری ملاقاتوں کے بعد حکومت یا مولانا فضل الرحمان کا مذاکرات سے متعلق پی ٹی آئی سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات سے متعلق کوئی اجلاس نہیں بلایا۔ بیرسٹر گوہر چارسدہ میں ہیں، پارٹی کی مرکزی قیادت لانگ مارچ میں شریک ہے۔ اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ سے بات ہوئی، مذاکرات سے متعلق مولانا یا حکومت کی طرف سے کوئی پیغام نہ بھیجا گیا نہ ملا۔ ترجمان اپوزیشن اتحاد نے کہا کہ مذاکرات کا مکمل اختیار محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے پاس ہے

بقیہ	سحر	18

میں وصول ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔ لائف لائن صارفین پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔

بقیہ	سحر	19

براہِ راست فوڈ سکیورٹی سے منسلک ہے، اگر ملک میں خوراک کی دستیابی یقینی نہ ہو تو قومی سلامتی کو بھی مکمل طور پر یقینی نہیں بنایا جا سکتا، زرعی شعبے کی ترقی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ریسکیو چیلنج 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان زرعی ملک ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے تقریباً 260 ملین آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ چاول، مکئی اور آلو سمیت مختلف زرعی اجناس برآمد بھی کر رہا ہے۔ وزیراعظم شریف زرعی شعبے کو خصوصی اہمیت دے رہے ہیں

بقیہ	سحر	20

نے ان خیالات کا اظہار جرمنی کے لئے پاکستان کے نامزد سفیر سلمان شریف سے ایوانِ صدر میں ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جرمنی کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور 2026 میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کو دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے کا نتیجہ خیز موقع بنانے کا خواہاں ہے۔ صدرِ مملکت نے دوطرفہ تجارت اور کاروباری روابط بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جرمنی یورپی یونین میں پاکستان کی برآمدات کی سب سے بڑی منڈی ہے

بقیہ	سحر	21

ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے یہ بات بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ملاقات کے دوران کہی جنہوں نے جمعرات کو ایوانِ صدر میں ان سے ملاقات کی۔

بقیہ	سحر	22

پر اظہارِ تشکر کیا اور سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیرِ اعلیٰ مریم نواز شریف نے فتنہ الخوارج کے 4 اہم کمانڈرز سمیت 9 دہشتگرد ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔

بقیہ	سحر	23

نے پاکستان تحریکِ انصاف سے رابطہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن نے حکومتی وفد سے ملاقات کے بعد پی ٹی آئی قیادت سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور حکومتی پیشکش سے آگاہ کیا جس کے بعد پی ٹی آئی نے ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی کی تمام قیادت زوم پر جاری ہنگامی اجلاس میں شریک ہے۔ واضح رہے کہ مولانا فضل الرحمٰن نے حکومت کو گورنر راج یا ایمرجنسی نافذ کرنے کے بجائے معاملات افہام و تفہیم سے حل کرنے کا مشورہ دیا تھا جس پر حکومت نے انہیں مذاکرات میں کردار ادا کرنے کے لیے کہا تھا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز حکومتی وفد میں شامل رانا ثنا اللہ، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور طارق فضل چوہدری نے مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کی تھی۔

بقیہ	سحر	24

گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صنعتی ورکرز کے لئے پنجاب کے تاریخی اقدامات اور پراجیکٹس آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں ورکرز کی فلاح و بہبود، راشن کارڈ، لیبر قوانین اور لیبر کالونیز سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو صوبہ میں لیبر اور ورکرز کو راشن کارڈ دینے پر خراج تحسین پیش کیا۔ ڈائریکٹر جنرل آئی ایل او نے پنجاب میں صنعتی ورکرز کیلئے اپارٹمنٹس کی الاٹمنٹ کے اقدام کو سراہا۔ عالمی ادارہ محنت کے ڈائریکٹر جنرل نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو یو این یہی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ ملنے پر مبارکباد دی اور خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ	سحر	25

جعلی اور من گھڑت قرار دیدیا۔ فیکٹ چیکر، وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر کی گئی پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ بین الاقوامی میڈیا ادارے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستان کی مسلح افواج کے ممکنہ استعمال کے حوالے سے قیاس آرائیوں پر مبنی رپورٹنگ سے گریز کریں۔ فیکٹ چیکر، وزارت اطلاعات نے کہا کہ اگر کسی کارروائی یا تعیناتی کی ضرورت پیش آئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام کی جانب سے فراہم کی جائیں گی۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے کہا کہ سچ، جھوٹ پر غالب آتا ہے۔

بقیہ	سحر	26

کر مارنے کے کوئی ٹھوس شواہد نہیں، ملزمہ کے خلاف کوئی براہ راست گواہ بھی موجود نہیں۔ عدالت میں سرکاری وکیل نے کہا کہ ملزمہ نے ایک ٹی وی شو میں بچے کو قتل کرنے کا اعتراف کیا۔ جسٹس شکیل احمد نے کہا کہ صرف ٹی وی پروگرامز قابلِ قبول شواہد نہیں، دیگر شواہد ہونے چاہئیں، تفتیشی افسر نے اس مقدمے میں اپنی ذمے داری پوری نہیں کی۔ جسٹس ملک شہزاد نے کہا کہ گواہیوں اور میڈیکل رپورٹ میں تضاد ہے۔

بقیہ	سحر	27

دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ وزارت خارجہ میں ہونے والی ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان بحرین تعلقات کا جائزہ لیا اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط میں مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس امر پر زور دیا گیا کہ چیلنجز سے نمٹنے اور تنازعات کے حل کے لئے مذاکرات اور سفارتکاری ہی سب سے قابل عمل ذرائع ہیں۔ اس سے قبل پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے افتتاحی کلمات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ مشترکہ وزارتی کمیشن کے تحت تمام دوطرفہ مشترکہ ورکنگ گروپس کے اجلاس منعقد ہوئے اور ان میں نتیجہ خیز بات چیت ہوئی۔ انہوں نے قیادت کی جانب سے تین سال کے اندر دوطرفہ تجارت ایک ارب ڈالر تک دگنی کرنے کے ہدف کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایک سال گزر چکا ہے

بقیہ	سحر	28

کے دوران چار فتنہ الخوارج کے چار کمانڈرز سمیت نو دہشتگرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فتنہ الخوارج کے 4 اہم دہشتگرد کمانڈر سمیت 9 خوارج جہنم واصل کر دیئے۔ سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ، کوٹ خضری میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں کیں، فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشت گرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا، کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کئے گئے۔

بقیہ	سحر	29

سے متعلق رپورٹ پیش کر دی گئی۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق جمعرات کو صدر مملکت کو جسٹس عرفان قادر کنسلٹنٹ (قانونی امور) نے 2024 سے 2026 کے دوران 6 ہزار سے زائد درخواستوں کو نمٹانے سے متعلق ایوان صدر میں رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق 6 ہزار سے زائد درخواستوں کا فیصلہ کیا گیا جو درخواستوں کے طریقہ کار کی تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے۔ صدرِ مملکت کو بتایا گیا کہ اس عمل میں شفافیت پر بھی خصوصی توجہ دی گئی جبکہ زیادہ تر مقدمات میں متعلقہ فریقین کی موجودگی میں فیصلے سنائے گئے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا بھی ملاقات کے دوران موجود تھے۔

بقیہ	سحر	30

کو یہاں ملاقات کی۔ وہ پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کے ہمراہ پاکستان اور بحرین کے درمیان مشترکہ وزارتی کمیشن (جے ایم سی) کے تیسرے اجلاس کی مشترکہ صدارت کے لیے پاکستان آئے ہیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے بحرینی وزیر خارجہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے بحرین کی قیادت اور عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد اور عوامی روابط پر قائم ہیں۔ وزیراعظم نے پاکستان اور بحرین کے دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور افرادی قوت کی استعداد کار میں اضافے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر خارجہ عبداللطیف الزیانی نے بحرین کی قیادت کی جانب سے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے لیے نیک خواہشات اور خیر سگالی کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے باہمی مفاد کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے کے بحرین کے عزم کا بھی اعادہ کیا

بقیہ	سحر	31

ڈائیلاگ میں عملی نتائج کے حصول پر زور دیا، جبکہ برطانیہ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ طویل المدتی سرمایہ کاری شراکت داری کے فریم ورک پر بھی بات چیت کی گئی۔ دونوں جانب سے صحت، آئی ٹی، زراعت، لائیوسٹاک، مالیاتی خدمات، ہوا بازی اور معدنیات سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا، جام کمال خان نے لائیوسٹاک کے شعبے میں برطانوی ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ لائیوسٹاک کی پیداوار، ویلیو ایڈیشن اور گوشت کی برآمدات میں اضافے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

بقیہ	سحر	32

انظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ اشیائے ضروریہ کی فراہمی، منڈیوں میں آمد، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور بلاجواز قیمتوں میں اضافے کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے یہ ہدایات نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں ماہانہ اور ہفتہ وار مہنگائی کی صورتحال، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، تھوک اور پرچون قیمتوں میں فرق اور گزشتہ اجلاسوں کے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ	سحر	33

میں اصلاحات کا عمل تیز تر ہوا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں جولائی تا مارچ 2026 میں معاشی ترقی 4 فیصد رہی، مشرق وسطیٰ بحران سے شرح نمو 3.6 فیصد تک متاثر ہوئی، مئی 2026 میں افراط زر بلند ترین سطح پر پہنچا، ترسیلات زر نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ قابو میں رکھا۔ آئی ایم ایف نے پیٹرول سبسڈی سکیم مرحلہ وار ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہیکہ سبسڈی کو مزید وسعت نہ دی جائے اور صرف مستحقین تک محدود ہو، مہنگی اور وسیع پیمانے پر دی جانے والی فیول سکیم فوری ختم کی جائے۔ اعلامیے کے مطابق تیل کی قیمتیں بڑھنے کی صورت میں فیول سپورٹ محدود، ہدفی اور مخصوص مدت تک رکھنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے کہا گیا کہ توانائی اصلاحات اور واجبات کی وصولی بہتر کی جائے، پیداواری لاگت میں کمی کے اقدامات کیے جائیں، گیس سیکٹر میں وصولیاں بہتر اور نقصانات کم کیے جائیں۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک مہنگائی کی مناسب حد تک سخت مانیٹری پالیسی برقرار رکھے، پاکستان ملکی زرمبادلہ کے ذخائر بڑھائے، توانائی شعبے میں بروقت ٹیرف ایڈجسٹمنٹ اور لاگت کم کرنے والی اصلاحات ناگزیر ہیں۔

بقیہ	سحر	34

کیلئے طویل المدتی قرض کی شرح سالانہ 2 فیصد کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ صدر فبائی رضا حسین نے کہا کہ سٹیٹ بینک چھوٹی صنعتوں کی بحالی کیلئے فکسڈ ریٹ فنانسنگ سکیم متعارف کرائے، چھوٹی صنعتوں کو کاروبار کیلئے کائیور پر 2 فیصد کی شرح پر قرض فراہم کیا جارہا ہے، جبکہ بینکوں سے ملنے والے مہنگے قرضوں کے باعث مشینری خریدنا اور صنعتی پیداوار بڑھانا مشکل ہوگیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ چھوٹی صنعتیں بلند شرح سود، توانائی کے ٹیرف اور بڑھتے ہوئے محصولات کے باعث مسلسل دباؤ کا شکار ہیں، گورنر سٹیٹ بینک چھوٹی صنعتوں کیلئے خصوصی فنانس سکیم کا جامع اور دیرپا منصوبہ تیار کریں۔ رضا حسین نے کہا کہ گورنر سٹیٹ بینک برآمد کنندگان کی طرح چھوٹی صنعتوں کو بھی کم شرح پر فنانسنگ فراہم کریں، چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتی بندش میں اضافہ بیروزگاری کو مسلسل بڑھا رہا

بقیہ	سحر	35

سے گلگت کی پھوٹا کس وادی کے 8 دیہات کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز سے

آئی ایم ایف کا وسیع پیمانے پر فیول سبسڈی سکیم فوری ختم کرنے کا مطالبہ

پاکستان کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے کے بعد اب پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر مل جائیں گے، پاکستان نے معاشی اہداف کے حصول کے لیے بہترین کوششیں کیں

اسٹیٹ بینک مہنگائی کی مناسب حد تک سخت مانیٹری پالیسی برقرار رکھے، پاکستان ملکی زرمبادلہ کے ذخائر بڑھائے، توانائی شعبے میں بروقت ٹیرف ایڈجسٹمنٹ اور لاگت کم کرنے والی اصلاحات ناگزیر ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے ساتھ اقتصادی جائزہ مذاکرات کا اعلامیہ جاری کر دیا جس میں وسیع پیمانے پر فیول سبسڈی سکیم فوری ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے کے بعد اب پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر مل جائیں گے، آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ 1.21 ارب ڈالر فراہم کرنے کی منظوری دے گا۔ عالمی مالیاتی ادارے کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاکستان نے معاشی اہداف کے حصول کے لیے بہترین کوششیں کیں، پاکستان میں آئی ایم ایف کے پروگرام سے معاشی استحکام آیا، پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

لاہور: وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان 26 ویں پولٹری ایکسپو کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور: وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او گن مین سمیت شہید

پولیس معمول کے گشت پر تھی کوہاٹ اور کرک کی باؤنڈری کے قریب نیوکرپہ کے مقام پر مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ کر دی

علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا

کرک (مانیٹرنگ ڈیسک) کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور گن مین شہید ہو گیا۔ ڈی پی او کرک عمران خان کے مطابق تھانہ بانڈہ داؤد شاہ کی پولیس معمول کے گشت پر تھی کہ کوہاٹ اور کرک کی باؤنڈری کے قریب نیوکرپہ کے مقام پر مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور ان کا گن مین فرہاد شہید ہو گئے جبکہ ایک راہ گیر بھی زخمی ہوا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور ان کا گن مین فرہاد شہید ہو گئے۔

پشاور کے لیڈی ریڈنگ اسپتال سے اغوا بچہ نوشہرہ سے بازیاب، خاتون گرفتار، خاتون کی اپنی کوئی اولاد نہیں تھی

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور کے لیڈی ریڈنگ اسپتال سے اغوا بچہ نوشہرہ سے بازیاب کرا لیا گیا۔ پولیس کے مطابق لیڈی ریڈنگ اسپتال سے بچے کے اغوا کا واقعہ 30 ستمبر کو پیش آیا تھا جس کے بعد کارروائی کرتے ہوئے اغوا کرنے والی خاتون کو گرفتار کر لیا گیا ہے، مبینہ طور پر خاتون کی اپنی کوئی اولاد نہیں تھی۔ پولیس کے مطابق بے اولادی کے طعنوں کی وجہ سے ملزمہ نے بچے کو اسپتال سے اغوا کیا، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

پاک فوج کا اہم اقدام، استور سے سکردو تک 66 کلومیٹر روڈ ٹریک مکمل

نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے استور اور سکردو کے درمیان مقامی تجارت، زراعت اور لائیو سٹاک کی نقل و حمل کو فروغ ملے گا

گلگت (اے ایف پی) پاک فوج نے گلگت بلتستان میں ایک اور اہم تعمیراتی منصوبہ مکمل کرتے ہوئے استور سے سکردو تک 66 کلومیٹر طویل دشوار گزار روڈ ٹریک کم عرصے میں تعمیر کر لیا۔ نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے دونوں علاقوں کے درمیان طویل سفر کم ہو کر محض چند گھنٹوں کا رہ گیا ہے۔ پاک فوج کی جانب سے شگمہ استور سے منٹھو سکردو تک 66 کلومیٹر طویل دشوار گزار روڈ ٹریک کی تعمیر مکمل کی گئی ہے، جس سے استور اور سکردو کے درمیان آمد و رفت میں آسانی پیدا ہو گی۔ شگمہ منٹھو روڈ ٹریک کی تعمیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

چھوٹی و درمیانی صنعتوں کیلئے طویل المدتی قرض کی شرح سالانہ 2 فیصد کرنے کا مطالبہ

کراچی (اے ایف پی) چھوٹی صنعتوں کی بقا کیلئے فیڈرل بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری نے گورنر سٹیٹ بینک کو خط ارسال کر دیا، جس میں چھوٹی اور درمیانے درجے کی صنعتوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

کے پی پولیس نے ڈرون حملوں سے بچنے کیلئے روس یوکرین جنگ میں استعمال ہونیوالا حفاظتی جال لگا لیا

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں ڈرون حملوں کے خطرے کے پیش نظر پولیس نے دفاع کا ایک سادہ اور کم لاگت طریقہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

انگ مارچ کیلئے سرکاری ہیلی کاپٹر کا استعمال، سہیل آفریدی سے جواب طلب

سماعت کے دوران عدالت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے معاملے پر جواب طلب کرتے ہوئے نوٹس جاری کر دیا

درخواست میں ماضی کے ایک واقعے کا بھی حوالہ دیا گیا ہے

عدالت کی جانب سے وزیراعلیٰ کے جواب کے بعد آئندہ کارروائی کا فیصلہ کیا جائے گا

پشاور: (اے ایف پی) پشاور ہائیکورٹ نے سیاسی سرگرمیوں اور احتجاجی لانگ مارچ کیلئے سرکاری وسائل کے مبینہ استعمال سے متعلق کیس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سے جواب طلب کر لیا۔ چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ کی سربراہی میں پشاور ہائیکورٹ کے 2 رکنی بنچ نے مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی قاری ظاہر کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ نومبر 2025 میں پشاور ہائیکورٹ نے اپنے ایک اہم فیصلے میں سیاسی سرگرمیوں کے لئے سرکاری وسائل کے استعمال پر پابندی عائد کی تھی، تاہم 4 اکتوبر کو احتجاجی لانگ مارچ کے آغاز کے موقع پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی مبینہ طور پر سرکاری ہیلی کاپٹر کے ذریعے لکی مروت پہنچے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

کے پی کا بُرا حال، پی ٹی آئی عمران خان کے بیانیہ میں مصروف ہے: علی شاہ باچا

پشاور سے آبائی حلقے میں ڈیرے ڈالنے کے بعد چارسدہ اور باجوڑ جانے کا پروگرام ہے

پشاور (اے ایف پی) پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر محمد علی شاہ باچا نے پی ٹی آئی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں دہشتگردی، امن و امان، کرپشن، ترقی اور گورننس کے مسائل پر توجہ دینے کے بجائے صرف سیاسی سرگرمیوں اور عمران خان کے بیانیے پر زور دیا جا رہا ہے، جس کا نقصان بالآخر خیبر پختونخوا کے عوام اور نوجوانوں کو ہو رہا ہے۔ پشاور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے محمد علی شاہ باچا کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی قیادت مختلف اضلاع کے دورے کر رہی ہے، پشاور سے آبائی حلقے میں ڈیرے ڈالنے کے بعد چارسدہ اور باجوڑ جانے کا پروگرام ہے، جبکہ دیگر علاقوں کے دورے بھی کئے جا رہے ہیں۔ انہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

خیبر پختونخوا کو حکومت کی نااہلی کا خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے، بلال اظہر کیانی

خیبر پختونخوا پولیس دن رات دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دے رہی ہے، آج کرک میں بھی ایک ایس ایچ او اور کانسٹیبل کو بیدردی سے شہید کر دیا گیا

اگر صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر اداروں کو درکار فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے کے لیے تیار نہیں تو اس کی نیت پر سوال اٹھتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی نے ایک بار پھر سر اٹھا لیا ہے اور صوبے میں دہشتگردی کی صورتحال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں ڈینگی کے وار جاری، مزید 142 کیسز رپورٹ

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا میں ڈینگی کے کیسز میں مسلسل اضافہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے میں مزید 142 افراد میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کی عدالتی و کیس مینجمنٹ اصلاحات کے ثمرات

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی خصوصی ہدایات پر نافذ عدالتی اصلاحات، جدید کیس مینجمنٹ سسٹم اور مؤثر مانیٹرنگ کے تحت صوبہ بھر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

153 ویں آئی پی یو اسمبلی، پاکستان اور بنگلہ دیش کا پارلیمانی و اقتصادی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اروشا (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ پاکستان و 153 ویں بین الپارلیمانی یونین (آئی پی یو) اسمبلی میں پاکستانی پارلیمانی وفد کے سربراہ، سید یوسف رضا گیلانی نے تنزانیہ کے شہر اروشا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

ہائیکورٹ کا کیمرے لگی عینکوں کی فروخت کیخلاف درخواست پر جواب جمع نہ کروانے پر اظہار برہمی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے کیمرے لگی عینکوں کی فروخت کے خلاف دائر درخواست پر متعلقہ اداروں کی جانب سے جواب جمع نہ کروانے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے سیکرٹری داخلہ، چیئرمین ایف بی آر، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) نجی سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ لاہور پولیس نے نجی سکیورٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

این ایچ اے کو مانسہرہ سے ناران 123 کلومیٹر ماڈل شاہراہ کی فیزیبلٹی تیار کرنے کی ہدایت

گورونانک ایکسپریس وے پر عالمی سرمایہ کاری کے لئے سکھ برادری کو مدعو کیا جائے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو مانسہرہ سے ناران تک 123 کلومیٹر شاہراہ کو ماڈل منصوبے کے طور پر تیار کرنے کے لیے فیزیبلٹی پیش کرنے کی ہدایت کر دی ہے، یہ تین لین کا موٹروے کا مجوزہ منصوبہ نہ صرف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

ایسا لگ رہا ہے پیپلز پارٹی بہت بڑا کمپرومائز کر چکی ہے، شوکت یوسفزئی

اس کا جمہوری چہرہ بے نقاب ہو گیا ہے، ہمارا اصل مسئلہ وفاقی حکومت کے ساتھ ہے، رہنما تحریک انصاف

پشاور (بیورو رپورٹ) سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی خیبر پختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ دو دن سے مسلسل پیپلز پارٹی پریس کانفرنس کر رہی ہے، ایسا لگ رہا ہے کہ پیپلز پارٹی بہت بڑا کمپرومائز کر چکی ہے، اس کا جمہوری چہرہ بے نقاب ہو گیا ہے، ہمارا اصل مسئلہ وفاقی حکومت کے ساتھ ہے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

پاکستانی طالبعلم سعد محمود برانہ کی برطانیہ میں نمایاں کامیابی

محمود برانہ دوبارہ یونیورسٹی آف گریٹر مانچسٹر کے اسٹوڈنٹس یونین صدر منتخب

طلبہ کی فلاح و بہبود اور سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات، پاکستانی کمیونٹی کیلئے اعزاز

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستانی طالبعلم محمود برانہ نے ایک بار پھر یونیورسٹی آف گریٹر مانچسٹر میں اسٹوڈنٹس یونین کے صدر کی حیثیت سے منتخب ہو کر ایک نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ وہ گزشتہ سال بھی اسٹوڈنٹس یونین کے صدر رہ چکے ہیں اور اس سال یونیورسٹی کے طلبہ نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

فیز ٹی غلطی کی تصحیح نادرا کی قانونی اور بنیادی ذمہ داری ہے

لاہو ہائی کورٹ

ایسا کوئی قانون موجود نہیں جو نادرا کو شناختی نمبر میں تسلیم شدہ غلطی کی تصحیح سے روکتا ہو

فیصلے پر عملدرآمد کے بعد نادرا کو 60 روز کے اندر ڈپٹی رجسٹرار جوڈیشل کے پاس رپورٹ جمع کرانیکی ہدایت

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ اگر نادرا اپنی غلطی تسلیم کر لے تو شہری کے شناختی کارڈ میں جنس کی غلطی درست کرنا ادارے کی قانونی ذمہ داری ہے۔ عدالت نے نادرا کی اپیل خارج کرتے ہوئے سول جج اور ایڈیشنل سیشن جج کے فیصلے برقرار رکھتے ہوئے نادرا کو 60 روز کے اندر شہری کو درست جنس کوڈ کے ساتھ نیا شناختی نمبر جاری کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے نادرا کی درخواست پر تحریری حکم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

پشاور: سیکرٹری سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ شریف حسین اور چیف چائلڈ کمیشن اعجاز محمد خان کے پی سی پی ڈبلیو سی یوسیف اور بلیو ویز کے زیر اہتمام آگاہی مہم کے آغاز کے موقع پر دیگر حکام اور شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

بچوں کے جنسی استحصال اور زیادتی کے خلاف صوبہ بھر میں آگاہی مہم کا آغاز

جس میں روک تھام، خطرات کی بروقت نشاندہی اور مشتبہ واقعات کی ذمہ دارانہ رپورٹنگ پر توجہ مرکوز کی گئی ہے

بچوں کو نقصان سے محفوظ رکھنا خاندانوں، معاشرے اور اداروں کی مشترکہ اخلاقی اور سماجی ذمہ داری ہے

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) خیبر پختونخوا چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر کمیشن نے جمعرات کو بچوں کے جنسی استحصال اور زیادتی کے خلاف صوبہ بھر میں آگاہی مہم کا آغاز کر دیا، جس میں روک تھام، خطرات کی بروقت نشاندہی اور مشتبہ واقعات کی ذمہ دارانہ رپورٹنگ پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اس مہم کا مقصد خاندانوں اور برادریوں میں شعور اجاگر کرنا، حفاظتی اقدامات کو فروغ دینا اور متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانا ہے تاکہ بچوں کے مؤثر تحفظ اور بروقت ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ سیکریٹری زکوٰۃ، عشر، سوشل ویلفیئر، خصوصی تعلیم اور خواتین کو بااختیار بنانے کے محکمے شریف حسین نے ایک تقریب کے دوران مہم کا باضابطہ افتتاح کیا۔ تقریب میں حکومتی نمائندوں، ترقیاتی شراکت داروں، سول سوسائٹی کی تنظیموں، مذہبی علماء، میڈیا نمائندگان اور بچوں کے تحفظ سے متعلق اداروں کے نمائندوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، سول لائن اور سٹی ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سہیل آفریدی بانی پی ٹی آئی کی رہائی نہیں، ٹی ٹی پی کی اسلام آباد تک رسائی چاہتے ہیں، احسن رضوی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات احسن رضوی نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے حالیہ بیان کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

ٹینکی والی پارک اسلام پورہ پارک میں 25 سال سے قائم تجاوزات کا خاتمہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) منیجنگ ڈائریکٹر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل منیجنگ ڈائریکٹر پی ایچ اے تسلیم اختر راؤ کی زیر نگرانی خصوصی کاروائی کے دوران ٹینکی والی پارک اسلام پورہ میں 25 سال سے قائم پختہ ناجائز تجاوزات کا خاتمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail dailysehar1@gmail.com

چوہدری شافع حسین سے ای وی سیکٹر سے وابستہ چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنی کے وفد کی ملاقات

ہمارے گروپ کا پاکستان کے ساتھ جوائنٹ وینچر موجود ہے، بھلوال انڈسٹریل اسٹیٹ میں نیا کارخانہ لگائیں گے، چیئرمین مسٹر یانگ جوفینگ

الیکٹرک وہیکلز سیکٹر کا فروغ پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے، پنجاب کے ای وی سیکٹر میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے ای وی سیکٹر سے وابستہ چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنی کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت چین کے سیج (SAIGE) گروپ کے چیئرمین مسٹر یانگ جوفینگ کر رہے تھے۔ پبلک ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے کامرس ڈاکٹر ذوالفقار بھٹی، کری ایٹو گروپ کے سی ای او انجینئر میاں سلطان محمود اور دیگر صنعتکار بھی موجود تھے۔ چیئرمین مسٹر یانگ جوفینگ نے کہا کہ ہمارے گروپ کا ای وی سیکٹر میں کری ایٹو گروپ پاکستان کے ساتھ جوائنٹ وینچر موجود ہے۔ مشترکہ پروجیکٹ کے تحت 100 فیصد مقامی سطح (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

لاہور میں ٹولنٹن مارکیٹ کے تاجروں کا ضلعی انتظامیہ کی ٹیم پر حملہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں ٹولنٹن مارکیٹ کے تاجروں نے ضلعی انتظامیہ کی ٹیم پر حملہ کر دیا۔ انتظامیہ کے مطابق دکانداروں نے ٹیم پر راڈز اور ڈنڈوں سے حملہ کیا، کارروائی کے دوران ٹولنٹن مارکیٹ کے تاجر دکانیں بند کر کے موقع سے غائب ہو گئے۔ انتظامیہ کے مطابق تشدد کرنے والے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

پنجاب بھر میں آٹے کی بلاتعطل فراہمی جاری، فلور ملز صوبہ بھر میں آٹا فراہم کر رہی ہیں، ڈی جی فوڈ امجد حفیظ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب امجد حفیظ نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں آٹے کی فراہمی تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور مارکیٹ میں آٹے کی کسی قسم کی قلت نہیں۔ حکومت پنجاب عوام کو معیاری آٹے کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

جعلی کمپنیوں کے آئی پی ایڈریسز پنجاب کی حدود تک بلاک کرنے کا فیصلہ کر لیا، ڈی جی انفورسمنٹ عمران قریشی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل انفورسمنٹ عمران قریشی کی زیر صدارت انفورسمنٹ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں آن لائن خریداری کے طریقہ کار میں مجوزہ تبدیلیوں، جعلی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

پنجاب یونیورسٹی، ویفانگ یونیورسٹی اور نیوانرجی انڈسٹری ایسوسی ایشن کے درمیان مفاہمتی دستاویز پر دستخط

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی، چین کی ویفانگ یونیورسٹی اور نیوانرجی انڈسٹری ایسوسی ایشن نے نئی توانائی کے شعبے میں تعلیم، تربیت اور تحقیق کے فروغ اور باہمی تعاون کے امکانات تلاش کرنے کے لیے مفاہمتی دستاویز پر دستخط کر دیئے۔ اس سلسلے میں پنجاب یونیورسٹی وائس چانسلر آفس کے کمیٹی روم میں دستخط کی تقریب منعقد ہوئی جس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمود سلیم، ویفانگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

لاہو ہائیکورٹ کا منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر تشویش کا اظہار

منشیات سے حاصل ہونیوالا پیسہ دہشت گردی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، ریمارکس

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ منشیات کا استعمال ملکی سلامتی کے لیے خطرہ بنتا جا رہا ہے، اب منشیات سے حاصل ہونے والا پیسہ دہشت گردی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ جسٹس فاروق حیدر کی سربراہی میں لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے منشیات کیس میں ملزم ملک افتخار تاج کی بعد ا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

لاہور: پولیس کی جانب سے لاہو بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ریلی نکالنے والے وکلاء کو روکا جا رہا ہے

نیشنل مینجمنٹ کورس کے 60 سینئر افسران کا پیڈمک کا دورہ

پنجاب کے صنعتی زونز، ترقیاتی منصوبوں اور صنعتکاروں کو سہولیات بارے بریفنگ، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ کا بھی دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) نیشنل سکول آف پبلک پالیسی میں زیر تربیت گریڈ 20 کے سینئر افسران نے پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کا دورہ کیا جہاں سی او او علی معظم سید نے سینئر افسران کو پیڈمک کے منصوبوں، کام کرنے کے طریقہ کار اور صنعتکاروں کو دی جانے والی سہولیات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دورہ کے موقع پر چیئرمین پیڈمک شہزاد اعظم خان نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ وفد نیشنل مینجمنٹ کورس کرنے والے 60 سینئر افسران پر مشتمل تھا۔ وفد میں سیکرٹری انڈسٹریز عمر مسعود، ایگزیکٹو ڈائریکٹر بورڈ آف انویسٹمنٹ ڈاکٹر ارفعہ سمیت گریڈ 20 کے سینئر افسران شامل تھے۔ دورے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

پاکستان، ڈنمارک بزنس فورم کے چیئرمین ندیم الٰہی کی آئی جی جیل خانہ جات سے ملاقات

پروفیشنل کچن کے قیام، مریض قیدیوں کیلئے ایمبولینسز، میٹرس کی فراہمی میں تعاون کی یقین دہانی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان، ڈنمارک بزنس فورم کے چیئرمین ندیم الٰہی نے آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، جیلوں میں اصلاحات اور قیدیوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر موٹیویشنل سپیکر و سینئر کالم نگار شاہد قادر، ڈی آئی جی ندیم رف اور ڈی آئی جی ملک شوکت فیروز بھی موجود تھے۔ ندیم الٰہی نے کہا کہ وہ قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ڈنمارک میں مقیم اوورسیز پاکستانیوں کو متحرک کریں گے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

ہائیکورٹ نے کسٹمز کے رات چھاپے غیر قانونی قرار دیدیئے

مالک کی عدم موجودگی میں دکانوں کے تالے توڑ کر سامان ضبط کرنا قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے

ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ نے تاجروں کی دکانوں سے کسٹمز کی جانب سے کی گئی ضبطگی بھی کالعدم قرار دیدی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ٹائر مارکیٹ کے تاجروں کی آئینی درخواست منظور کرتے ہوئے کسٹمز حکام کی جانب سے رات گئے دکانوں اور گوداموں پر چھاپے مارنے، تالے توڑنے اور سامان ضبط کرنے کی کارروائی غیر قانونی قرار دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس مزمل اختر شبیر اور جسٹس سید احسن رضا کاظمی نے عطا اللہ سمیت 10 دیگر تاجروں کی کسٹمز کارروائی کے خلاف درخواست پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ مالک کی عدم موجودگی میں دکانوں کے تالے توڑ کر سامان ضبط کرنا قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے، قانونی کارروائی کے بغیر تالے توڑ کر سامان اٹھانا کسٹمز حکام کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

آئی جی پی ذوالفقار حمید سنٹرل پولیس آفس پشاور میں نوتجدید شدہ آڈیٹوریم ہال کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ

ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے، ذرائع

حکومتی ذرائع کے مطابق مقامی مینوفیکچررز کو استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافے پر تحفظات ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد سے متعلق اہم اجلاس میں کمرشل اور گفٹ اسکیم کے تحت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کو استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے اعداد و شمار پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان نے ستمبر 2026 میں 2 ہزار 276 استعمال شدہ گاڑیاں درآمد کیں جب کہ مئی 2026 میں صرف 48 استعمال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

لاہور: صوبائی وزراء ملک صہیب احمد بھرتھ اور محمد منشاء اللہ بٹ ڈی جی انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن گلبرٹ ایف ہونگبو کا لاہور آمد پر استقبال کر رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی کا شمالی وزیرستان میں 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق عیشمالی وزیرستان میں 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

عالمی بینک کی جانب سے پاکستان کو میناپ کے رپورٹنگ ریجن میں شامل کرنے کا فیصلہ انتظامی اور شماریاتی نوعیت کی درجہ بندی ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ عالمی بینک کی جانب سے پاکستان کو مشرقِ وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان) میناپ (کے رپورٹنگ ریجن میں شامل کرنے کا فیصلہ انتظامی اور شماریاتی نوعیت کی درجہ بندی ہے، شماریاتی گروپ میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

سپیکر قومی اسمبلی کا شمالی وزیرستان میں 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق عیشمالی وزیرستان میں 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

کے پی کا بج